Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 17 | جمعۃ المبارک، 10 جولائی 2026ء، 24 محرم الحرام 1448ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 85

عظمیٰ بخاری سے امریکی قونصل جنرل کی ملاقات

ثقافت اور ترقیاتی منصوبوں پر تبادلہ خیال

پنجاب میں خواتین، طلبہ اور کسانوں کی ترقی و خوشحالی کے لیے تاریخی اقدامات کیے جا رہے ہیں، مریم نواز کے عوامی اور ثقافتی اقدامات عالمی سطح پر سراہے جا رہے ہیں، امریکی قونصل جنرل

فلم سٹی کے قیام اور تھیٹر کی بحالی کے لیے حکومت پنجاب کی کاوشوں قابلِ تحسین ہیں، سٹیٹسن سینڈرز، وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے امریکی قونصل جنرل سٹیٹسن سینڈرز کو یادگاری سوونیئر پیش کیا

ایس اسلام آباد: وزیر اعظم محمد شہباز شریف سے کروشیا کے وزیر برائے خارجہ اور یورپی امور ڈاکٹر گورڈن گریچ ریڈ مین نے ملاقات کی

لاہور (این ای این) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری سے امریکی قونصل جنرل لاہور سٹیٹسن سینڈرز نے ملاقات کی، جس میں باہمی دلچسپی کے امور، ثقافتی تعاون کے فروغ اور پنجاب میں جاری ترقیاتی و فلاحی اقدامات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں سیکرٹری اطلاعات پنجاب سید طاہر رضا ہمدانی اور امریکن قونصلیٹ کے پولیٹیکل و اکنامک ایڈوائزر صدف سعد بھی موجود (بقیہ نمبر 1)

چین نے پاکستانی مکئی کی درآمد کی اجازت دیدی

قرنطینہ ضوابط جاری، رجسٹریشن مکمل ہونے کے بعد برآمدات شروع ہوں گی

پاکستان کیلئے 9 ارب ڈالر مالیت کی چینی منڈی میں نئی برآمدی راہ ہموار

بیجنگ (این این آئی) پاکستان کو چین کی مکئی کی منڈی تک رسائی حاصل ہوگئی ہے، جس سے ملک کی اہم غذائی فصلوں میں شامل مکئی کیلئے ایک نئی برآمدی منڈی کھلنے کی توقع ہے، یہ پیش رفت اس وقت سامنے آئی جب چینی کسٹمز نے پاکستان سے مکئی کی درآمد کے لیے (بقیہ نمبر 35)

مادر ملت کی سیاسی بصیرت رہنمائی کا سرچشمہ ہے

مادر ملت محترمہ فاطمہ جناح نے ہر مشکل دور میں آئین، جمہوریت اور عوامی حق حکمرانی کا پرچم بلند رکھا، روبینہ خالد

اسلام آباد (این این آئی) چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد نے کہا ہے کہ مادر ملت محترمہ فاطمہ جناح نے ہر مشکل دور میں آئین، جمہوریت اور عوامی حق حکمرانی کا پرچم بلند رکھا۔ جمعرات کو بی آئی ایس پی (بقیہ نمبر 38)

ملک بھر میں صارفین کو گیس کی فراہمی جاری

صارفین کو گیس کی فراہمی میں کوئی نئی تبدیلی یا کمی نہیں کی گئی، سوئی ناردرن گیس کمپنی کی جانب سے مراسلہ جاری

لاہور (این ای این) گزشتہ روز بعض ایسی خبریں شائع کی گئیں جن سے یہ تاثر دینے کی کوشش کی گئی کہ صارفین کو گیس کی فراہمی کے حوالے سے کوئی نئی رکاوٹ کی صورتحال پیدا ہوگئی ہے، جس کے باعث گیس کی سپلائی میں کمی کی (بقیہ نمبر 37)

عالمی چیلنجز سے تنہا نمٹنا ممکن نہیں، محسن نقوی

ماورائے سرحد جرائم کے خاتمے کے لیے فوری روابط اور ٹیکنالوجی کا اشتراک ناگزیر ہے، وزیر داخلہ

نیویارک (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ دنیا کو اس وقت جن مشترکہ سکیورٹی چیلنجز کا سامنا ہے، وہ کسی ایک ملک تک محدود نہیں بلکہ ماورائے سرحد ہیں؛ کوئی بھی ملک تنہا ان خطرات سے نہیں نمٹ سکتا۔ (بقیہ نمبر 36)

وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری امریکی قونصل جنرل لاہور سٹیٹسن سینڈرز کو سوونیئر پیش کر رہی ہیں جبکہ سیکرٹری انفارمیشن پنجاب طاہر رضا ہمدانی بھی ہمراہ ہیں

بھارت کی آبی جارحیت کے خلاف پنجاب اسمبلی میں مذمتی قرارداد جمع

لاہور (این این آئی) بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے کی مسلسل خلاف ورزی پر پنجاب اسمبلی میں مذمتی قرارداد جمع کروادی گئی۔ قرارداد چیف وہپ مسلم لیگ (بقیہ نمبر 40)

ٹریفک اہلکار اب "ون ایپ" کے ذریعے چالان جاری کرینگے

میانوالی سمیت پنجاب بھر کے 41 اضلاع میں ڈیجیٹل چالانگ سسٹم متعارف کرادیا گیا

میانوالی (این این آئی) ٹریفک قوانین پر موثر عملدرآمد اور چالانگ کے نظام کو مزید صاف و شفاف بنانے کیلئے میانوالی سمیت پنجاب بھر کے 41 اضلاع میں ڈیجیٹل چالانگ سسٹم متعارف کرا دیا گیا ہے جس کے تحت ہر ٹریفک چالان مکمل شواہد کے ساتھ (بقیہ نمبر 39)

شدید گرمی اور متوقع سیلاب سے نمٹنے کیلئے کیے گئے پیشگی اقدامات پر صوبے کے تمام متعلقہ محکموں کی وزیر اعلیٰ مریم نواز کو تفصیلی بریفنگ

شدید گرمی، ممکنہ سیلاب کے اثرات سے محفوظ رکھنے کیلئے حکمت عملی تیار الرٹ: ہر محکمہ

وزیر اعلیٰ نے زوم لنک کے ذریعے صوبے بھر کی پوری انتظامیہ کو اچانک لائن پر لے لیا، مسلسل سیکھ رہے ہیں، جہاں ضرورت ہے وہاں نئے بند بنا رہے ہیں مریم نواز کا پنجاب بھر کی ضلعی انتظامیہ سے ویڈیو لنک خطاب

پی ڈی ایم اے کنٹرول روم، سینٹرل کنٹرول روم اور اضلاع میں ڈسٹرکٹ کنٹرول روم فعال ہیں، کسی بھی ایمرجنسی کی صورت میں "ہول آف گورنمنٹ" یعنی پوری حکومت مل کر یکجا رسپانس دیگی

زخم پر مرہم رکھنا کمال نہیں، زخم لگنے ہی نہ دینا اصل حکمرانی ہے، سیلاب آنے کے بعد فائر فائٹنگ کرنا کوئی عقلمندی نہیں، اصل کام پہلے سے تیاری ہے، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کے حکم پر پنجاب کو شدید گرمی کی لہر اور ممکنہ سیلاب کے اثرات سے محفوظ رکھنے کے لیے حکمت عملی تیار کر لی گئی اور ہر محکمے کو پیشگی اور بروقت اقدامات کیلئے الرٹ کر دیا گیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت اجلاس میں موسمیاتی تبدیلی کے تحت گرمی کی شدید لہر اور سیلاب سے محفوظ رکھنے کیلئے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ متعلقہ محکموں کی وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کو تفصیلی بریفنگ دی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے زوم لنک کے ذریعے صوبے بھر کی پوری انتظامیہ کو اچانک لائن پر لے کر خود ہدایات جاری کیں۔ پنجاب بھر کی ضلعی انتظامیہ سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ زخم پر مرہم رکھنا (بقیہ نمبر 42)

وزیر اعظم کا دہشتگردی کے مکمل خاتمے کے غیر متزلزل عزم کا اعادہ

سیاسی و عسکری قیادت مکمل یکسوئی کیساتھ دہشتگردی کے خاتمے کیلئے پرعزم ہیں، آخری فسادی کے خاتمے تک جنگ جاری رہے گی

حکومت پاکستان کو امن، ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن کرے گی، بلوچستان ایپکس کمیٹی کے اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے ملک سے دہشتگردی کے مکمل خاتمہ کے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک کی سیاسی و عسکری قیادت مکمل یکسوئی کیساتھ دہشتگردی کے خاتمے کیلئے پرعزم ہے، آخری فسادی دہشتگرد کے خاتمے تک جنگ جاری رہے گی، حکومت تمام دستیاب وسائل بروئے کار لاتے ہوئے پاکستان کو امن، ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن (بقیہ نمبر 47)

اسلام آباد: قائم مقام صدر سید یوسف رضا گیلانی، کمیونسٹ پارٹی آف چائنا کے قیام کی 105 ویں سالگرہ کے موقع پر پاکستان-چائنا اکنامک اینڈ کلچرل کونسل کے زیر اہتمام منعقدہ ایک خصوصی یادگاری سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

مثالی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر آپریشن سٹاف کو تعریفی اسناد تقسیم

محرم الحرام کے دوران صفائی ستھرائی، ویسٹ کلیکشن اور جلوسوں و مجالس کے راستوں کی بروقت صفائی کو یقینی بنانے میں فیلڈ سٹاف نے مثالی کارکردگی دکھائی

فیلڈ سٹاف کی لگن اور ٹیم ورک کی بدولت شہریوں کو بہترین صفائی سہولیات فراہم کی گئیں، ایم ڈی رانا ساجد صفدر کی مبارکباد

راولپنڈی (این ای این) مینجنگ ڈائریکٹر ستھرا پنجاب ایجنسی راولپنڈی رانا ساجد صفدر نے محرم الحرام کے دوران بہترین صفائی خدمات اور مثالی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر آپریشن سٹاف کو تعریفی اسناد سے نوازا ہے، اس سلسلے میں گزشتہ روز ستھرا پنجاب ایجنسی ہیڈ کوارٹر آفس راولپنڈی میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں کمپنی کے چیف فنانشل آفیسر بلال خاور، ڈسٹرکٹ مینیجر آپریشنز راولپنڈی عامر یونس نائیک، مینیجر سٹی سید حسن سردار، ڈپٹی مینیجر آپریشنز گلباز ستی سمیت مختلف شعبوں کے افسران اور ورکرز نے شرکت کی۔ (بقیہ نمبر 2)

محکمہ اوقاف کو ہر قسم کی کرپشن سے پاک کرنے کیلئے اس کی ڈیجیٹائزیشن کی جا رہی ہے، وزیر اوقاف و مذہبی امور

اوقاف بورڈ کا اجلاس 8 نکاتی ایجنڈے پر غور

مزارات پر نصب کیش باکس کی آمدن مقدس امانت، کسی بھی بدعنوان اور نذرانوں جیسی مقدس امانت پر ہاتھ صاف کرنے والے اہلکار کی محکمے میں کوئی جگہ نہیں

اوقاف ایکٹ، قواعد و ضوابط پر مکمل عمل درآمد، شفافیت اور میرٹ کو فروغ دیا جا رہا ہے، سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر احسان بھٹہ

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر اوقاف و مذہبی امور چوہدری شافع حسین کی زیر صدارت اوقاف بورڈ کا اجلاس منعقد ہوا۔ پبلک ہاؤس میں منعقدہ اجلاس میں 8 نکاتی ایجنڈے پر غور کیا گیا۔ صوبائی سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر احسان بھٹہ نے ایجنڈا آئٹمز بارے تفصیلی بریفنگ دی۔ بورڈ نے محکمہ اوقاف کے رواں مالی سال کے بجٹ تخمینہ جات کی منظوری دی۔ مذہبی امور ونگ میں کیشٹ بنیادوں پر ضروری عملے کی بھرتی اور ڈائریکٹر زراعت کی نئی آسامی کے جاب ڈسکرپشن کی منظوری دی گئی۔ بورڈ نے داتا دربار ہسپتال کی فیسوں کی بحالی اور نئی کمرشل سکیموں کی بھی منظوری دی۔ محکمہ اوقاف کے 8 ایڈہاک ملازمین کی ریگولرائزیشن یا انہیں ریلیف کی فراہمی کا معاملہ محکمانہ کمیٹی (بقیہ نمبر 41)

وزارت اطلاعات و نشریات میں اہم تقرری و تبادلہ

رئیسہ عادل کو ایگزیکٹو ڈائریکٹر جنرل/ پرنسپل انفارمیشن آفیسر (PIO)، پریس انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ (PID)، اسلام آباد تعینات کر دیا گیا

گریڈ 20 کی افسر رئیسہ عادل وزارت اطلاعات کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر جنرل، ایکسٹرنل پبلسٹی ونگ کے طور پر خدمات انجام دے رہی تھیں

اسلام آباد (این ای این) وفاقی حکومت نے وزارت اطلاعات و نشریات میں اہم تقرری کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق گریڈ 20 کی افسر رئیسہ عادل کو، جو اس وقت وزارت اطلاعات کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر جنرل، ایکسٹرنل پبلسٹی ونگ کے طور پر خدمات انجام دے رہی تھیں، فوری طور پر ایگزیکٹو ڈائریکٹر جنرل/ پرنسپل انفارمیشن آفیسر (PIO)، پریس انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ (PID)، اسلام آباد تعینات کر دیا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق یہ تقرری فوری طور پر نافذ العمل ہوگی اور آئندہ احکامات تک برقرار (بقیہ نمبر 3)

محترمہ رائسہ عادل ایگزیکٹو ڈائریکٹر جنرل/ پرنسپل انفارمیشن (PIO) کی تعیناتی کا نوٹیفکیشن

ریاستی اداروں پر الزامات، سہیل آفریدی کو گرفتار کر کے پیش کرنے کا حکم

اسلام آباد (این این آئی) ریاستی اداروں پر الزامات لگانے کے مقدمے میں عدالت نے وزیر اعلیٰ خیبر پختون خوا سہیل آفریدی کو گرفتار کر کے پیش کرنے کا حکم برقرار رکھا ہے۔ اسلام آباد کی مقامی عدالت نے عدم حاضری پر سہیل آفریدی کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری برقرار رکھتے ہوئے انہیں گرفتار کر کے عدالت میں پیش کرنے کا حکم (بقیہ نمبر 43)

سماعت سے محروم افراد کے ڈرائیونگ لائسنس بھی بنیں گے

سماعت سے محروم ڈرائیورز کی گاڑیوں پر مخصوص شناختی اسٹیکر لگانا لازمی ہوگا

لاہور (این این آئی) پنجاب میں سماعت سے محروم افراد کے لیے ڈرائیونگ لائسنس کے قوانین میں اہم تبدیلیوں کی تجویز سامنے آگئی ہے۔ ذرائع کے مطابق (بقیہ نمبر 48)

نیشنل پریس کلب میں آنجہانی اراکین اور ان کے وفات پا جانے والے اہل خانہ کے لیے منعقدہ تعزیتی اور دعائیہ تقریب کے دوران نیشنل پریس کلب کے عہدیداران، اراکین اور صحافیوں کے لواحقین اجتماعی دعا کر رہے ہیں

جون 2026ء میں ترسیلاتِ زر 3.5 ارب ڈالر رہیں

مالی سال 2026ء کے دوران ورکرز ترسیلاتِ زر کا مجموعی حجم 41.5 ارب ڈالر رہا

کراچی (این این آئی) اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے جون میں بیرونِ ملک مقیم پاکستانیوں کی جانب سے بھیجے گئے ڈالرز کی تفصیلات جاری کر (بقیہ نمبر 49)

مادر ملت محترمہ فاطمہ جناح ہر بہن بیٹی کیلئے رول ماڈل کا درجہ رکھتی ہیں، مریم نواز

مغفرت اور بلندی درجات کی دعا کرتے ہوئے مادر ملت محترمہ فاطمہ جناح کی جمہوری اور ملی خدمات کیلئے سلام عقیدت پیش

پاکستانی قوم مادر ملت کی قومی و سیاسی خدمات کو خراج عقیدت پیش کرتی ہے، محترمہ فاطمہ جناح کی 59 ویں برسی پر خصوصی پیغام

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے مادر ملت محترمہ فاطمہ جناح کی 59 ویں برسی پر خصوصی پیغام دیتے ہوئے کہا ہے کہ محترمہ فاطمہ جناح ہر بہن اور ہر بیٹی کے لئے رول ماڈل کا درجہ رکھتی ہیں۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے مادر ملت محترمہ فاطمہ جناح کی مغفرت اور بلندی درجات کی دعا کرتے ہوئے مادر ملت محترمہ فاطمہ جناح کی جمہوری اور ملی خدمات کیلئے سلام (بقیہ نمبر 50)

پاکستان، چین کا کپاس کے شعبے میں تعاون مضبوط بنانے پر اتفاق

آئندہ مرحلے میں مشینی طریقے سے کپاس کی چنائی کے تجربات کیے جائینگے

لاہور (این این آئی) پاکستان اور چین کے درمیان کپاس کی تحقیق، بیجوں کی مشترکہ تیاری اور جدید زرعی ٹیکنالوجی کے فروغ کے شعبوں میں تعاون کو مزید وسعت دینے پر اتفاق کیا گیا ہے۔ پاکستان چائنا جوائنٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے (بقیہ نمبر 44)

پی ایف یو جے کی رہنما فوزیہ شاہد کے شوہر شاہد عثمانی انتقال کر گئے

میڈیا ٹاؤن اسلام آباد کے قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا، اہم صحافتی شخصیات کی شرکت

راولپنڈی/اسلام آباد (عبدالرحمان/نمائندہ عوامی للکار) پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹس (پی ایف یو جے) کی سابق سیکرٹری جنرل، ممبر فیڈرل ایگزیکٹو کونسل اور میڈیا ورکرز کے حقوق کی علمبردار سینئر صحافی محترمہ فوزیہ شاہد کے شوہر شاہد عثمانی کو (بقیہ نمبر 5)

پی ایف یو جے کی رہنما فوزیہ شاہد کی اپنے شوہر شاہد عثمانی کے ساتھ یادگار تصویر

یورپی یونین پاکستان کا مضبوط تجارتی شراکت دار ہے، اسحاق ڈار

دوطرفہ تعلقات، باہمی تعاون اور علاقائی و عالمی امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ یورپی یونین پاکستان کا مضبوط تجارتی شراکت دار ہے۔ جمعرات کو یہاں نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار اور کروشیا کی وزیر خارجہ کی مشترکہ زیر صدارت اجلاس منعقد (بقیہ نمبر 51)

نیشنل پریس کلب میں مرحوم اراکین کے ایصال ثواب کیلئے دعائیہ تقریب

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل پریس کلب اسلام آباد کے مرحوم اراکین اور ان کے عزیز و اقارب کے ایصال ثواب کے لیے نیشنل پریس کلب میں اجتماعی دعائیہ (بقیہ نمبر 52)

ای چالان نادہندہ گاڑیوں کیخلاف کریک ڈاؤن شروع

ٹاپ 100 نادہندہ گاڑیوں کی فہرست فراہم وارڈنز کو فراہم کر دی گئیں

لاہور (این این آئی) لاہور میں ای چالان نادہندہ گاڑیوں کے خلاف بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن شروع کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا ہے۔ چیف ٹریفک آفیسر سید عبدالرحیم شیرازی نے متعلقہ افسران کو ہدایت جاری کرتے ہوئے ای چالان ڈیفالٹر گاڑیوں کے خلاف سخت کارروائی کا حکم دے دیا۔ سی ٹی او لاہور نے ای چالان ریکوری سکواڈز (بقیہ نمبر 45)

گرمی اور حبس برقرار، بالائی علاقوں میں بارش کا امکان

کشمیر، بالائی خیبر پختونخوا اور گلگت بلتستان میں بارش اور گرج چمک کی توقع

اسلام آباد (این این آئی) محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ ملک کے بیشتر علاقوں میں آئندہ دو روز کے دوران گرم اور مرطوب موسم برقرار رہے گا تاہم بالائی علاقوں میں چند مقامات پر آندھی، گرج چمک اور بارش کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق بالائی علاقوں پر مغربی ہوا کا کمزور سلسلہ اثر انداز ہے جبکہ بلوچستان کے مغربی حصے پر موسمی کم دباؤ (بقیہ نمبر 46)

کیس لاہور نے بھارت کے اسٹریٹیجک کلچر کی زعفرانائزیشن موجودہ تبدیلی اور مستقبل کا منظر نامہ کے عنوان سے تقریب کا انعقاد

بھارتی حکمت عملی توازنِ طاقت کی بجائے بالادستی کی متلاشی ہے

بھارت دو محاذی جنگ کیلئے تیاری کا دعویٰ ضرور کرتا ہے، مگر اس کی تہذیبی فطرت میں کسی بھی محاذ پر حد سے زیادہ پھیلاؤ سے گریز شامل ہے

بھارت کی نظریاتی سختی اس کی اسٹریٹیجک خود احتسابی کی صلاحیت کو محدود کرنے کا خطرہ رکھتی ہے، مقررین کا تقریب سے خطاب

لاہور (این ای این) سنٹر فار ایرو اسپیس اینڈ سکیورٹی اسٹڈیز (کیس) لاہور نے 8 جولائی ۲۰۲۶ کو بھارت کے اسٹریٹیجک کلچر کی زعفرانائزیشن: موجودہ تبدیلی اور مستقبل کا منظر نامہ کے عنوان سے ایک تقریب کا انعقاد کیا۔ ایک آزاد تھنک ٹینک کے طور پر، کیس لاہور قومی سلامتی کے وسیع تناظر میں دلچسپی رکھنے والے اسکالرز اور ماہرین کے لیے علمی تقاریب منعقد کرتا ہے۔ اس تقریب میں ماہرین تعلیم، دانشوروں اور شعبہ جاتی ماہرین نے شرکت کی۔ محترمہ ازباء ولایت خان، ریسرچ اسسٹنٹ کیس لاہور، نے افتتاحی خطاب کیا۔ ڈاکٹر اسماء خواجہ، ایگزیکٹو ڈائریکٹر (بقیہ نمبر 4)

سنٹر فار ایرو اسپیس اینڈ سکیورٹی اسٹڈیز "کیس" لاہور میں منعقدہ سیمینار کے شرکاء کا گروپ فوٹو

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar
عوام کی بے ساختہ للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

بلوچستان میں سکیورٹی چیلنجز اور عزمِ نو

ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری کی گزشتہ روز کی پریس کانفرنس میں ملک کی سکیورٹی صورتحال خصوصاً بلوچستان میں ابھرتے چیلنجز اور ریاستی عزم کو مدلل انداز میں واضح کیا گیا۔ ترجمان پاک فوج نے بتایا کہ گزشتہ چار روز کے دوران بلوچستان میں دہشت گردی کے تین بڑے واقعات میں فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں نے معصوم شہریوں کو نشانہ بنایا' تاہم بلوچستان کے بہادر عوام اور سکیورٹی اہلکاروں نے جرأت و بہادری سے ان کا مقابلہ کیا۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری کے مطابق مختلف کارروائیوں میں پولیس کے 27 جوان' 11 فوجی اہلکار اور چار عام شہری شہید ہوئے اور جوابی کارروائیوں اور انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز میں 54 دہشتگرد مارے گئے۔ بلوچستان میں خون کی ہولی کھیلنے والا دشمن کون ہے' اس حوالے سے دورائے نہیں اور نہ ہی دشمن کے مذموم مقاصد اور محرکات ڈھکے چھپے ہیں۔ یہ ایک مصدقہ حقیقت ہے کہ دہشتگردی کے ہر واقعے کے پیچھے بھارت ہے۔ اہداف اور طریقۂ واردات میں فرق ہوسکتا ہے مگر ان واقعات کے ذمہ داروں کے مقاصد ایک ہی ہیں؛ پاکستان کی ترقی کی راہیں روکنا' سماج میں خوف پیدا کرنا اور دفاعی قوت کو کمزور کرنا۔ دراصل معرکہ حق کے بعد سے بھارت نے اپنی ہزیمت کا مداوا پاکستان میں بدامنی کو فروغ دینے میں تلاش کیا ہے۔

یہ باتیں بھارت کے سکیورٹی اداروں اور مبینہ تھنک ٹینکس سے منسلک افراد برملا تسلیم کر چکے ہیں۔ بلوچستان کی جغرافیائی ہیئت ایسی ہے کہ بھارتی فنڈڈ دہشتگردوں کیلئے گھات لگا کر حملہ کرنا اور پہاڑوں میں مورچے بنا کر چھپنا آسان ہے' تاہم پاک فوج کی شبانہ روز محنت اور روزانہ کی بنیاد پر جاری انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز سے دہشتگردی کے خطرات میں خاصی کمی آئی ہے۔ ایک ملکی سکیورٹی تھنک ٹینک کی حالیہ رپورٹ کے مطابق رواں سال کی دوسری سہ ماہی میں (اپریل تا جون) بلوچستان میں دہشت گردی کے واقعات میں نمایاں کمی آئی ہے اور مجموعی طور پر 94 واقعات رپورٹ ہوئے' جو کُل ملکی واقعات کا 35 فیصد ہیں۔ اسی طرح پُرتشدد واقعات میں جانی نقصان' جو پہلی سہ ماہی میں 443 تھا' دوسری سہ ماہی میں کم ہو کر 265 تک آ گیا۔ یہ اعداد و شمار ریاستی رِٹ کی بحالی کیلئے دفاعی اداروں کی مؤثر حکمت عملی کی دلیل ہیں۔ دشمن کی فنڈنگ میں تیزی کے باوجود ہمارے سکیورٹی اداروں کے فولادی عزم نے دشمن کے مذموم عزائم کو خاک میں ملا دیا ہے اور انہی مایوس کن حالات میں دہشتگرد اب شہری آبادیوں پر شب خون مارنے کی کوشش کر رہے ہیں۔

تاہم اب عوام بھی سکیورٹی اداروں کے شانہ بشانہ دشمن کیخلاف لڑ رہے ہیں جیسے منگی ڈیم اور ہنہ اوڑک پر دہشتگردوں کے حملوں کے جواب میں بہادر عوام نے دہشت گردوں کا ڈٹ کر مقابلہ کیا اور ہنہ اوڑک کا علاقہ خالی کرالیا۔ جب ریاستی اداروں اور عوام میں رشتہ اتنا مضبوط ہو جائے تو دنیا کی کوئی طاقت انہیں زیر نہیں کر سکتی۔ گزشتہ روز نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی سے خطاب کرتے ہوئے چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے غالباً اسی جانب اشارہ کیا کہ جنگیں میڈیا کی بیان بازی یا سیاسی نعروں سے نہیں بلکہ ایمان' اتحاد اور نظم و ضبط سے جیتی جاتی ہیں۔ فیلڈ مارشل نے واضح کیا کہ ملکی افواج ہر قسم کے چیلنج سے نمٹنے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہیں۔ یہ ریاستی عزم کا واضح اظہار ہے کہ سرحدوں کے اندر یا باہر سے ہونے والی کسی بھی مہم جوئی کا جواب اب اسی زبان میں دیا جائے گا جو دشمن کو سمجھ آتی ہے۔

سکیورٹی انتظام بہتر بنانے کے علاوہ ہمیں اس حقیقت کو بھی مان کر چلنا ہوگا کہ حالات کو بہتر بنانے کیلئے وسائل کی بہتر تقسیم بھی از حد ضروری ہے کیونکہ محرومیوں کیساتھ مسائل کا حل ممکن نہیں۔ خوش آئند بات ہے کہ بلوچستان میں ترقیاتی منصوبے تکمیل کے مراحل میں ہیں' ضروری ہے کہ اس ترقی کے مثبت اثرات جلد از جلد عام آمی کی زندگی میں بھی نظر آئیں۔

"امام زین العابدین علیہ السلام" (واقعہ کربلا سے پہلے سماجی، اخلاقی اور سیاسی کردار) ایک تحقیقی جائزہ

از قلم: سید ارشد علی نقوی

امام علی ابن حسین ابن علی ابن ابی طالب علیہم السلام جنہیں تاریخ میں سید الساجدین، زین العابدین، سجاد، عابد، ذوالثفنات کے نام سے بھی جانا جاتا ہے، مکتب اہل بیت کے چوتھے امام اور واقعہ کربلا کے چشم دید زندہ گواہ ہیں۔ کربلا دنیا کا واحد میدان کارزار تھا کہ جہاں مرنا آسان اور زندہ رہنا مشکل تھا۔ عصر عاشور جب امام حسین علیہ السلام زندگی اوڑھ کر سو گئے تو یہ علی ابن الحسین علیہ السلام ہی تھے جنہوں نے موت کی وادی سے زندگی کو آشکار کیا۔

آپ کی ولادت 5 شعبان 38 ہجری بمطابق 659 عیسوی کو مدینہ منورہ میں ہوئی۔

آپ کا تعلق بانی اسلام اور کائنات کے معزز ترین گھرانے سے ہے۔ والد ماجد سید الشہداء حضرت امام حسین علیہ السلام ہیں جب کہ والدہ ماجدہ شہر بانو ہیں جو ایران کے بادشاہ یزدگرد سوم کی بیٹی تھیں۔ یہ نسبت آپ کو عرب و عجم دونوں کی بہترین خصوصیات کا حامل بناتی ہے اور اسی وجہ سے آپ کو "ابن الخیرتین" (دو بہترین کے بیٹے) کا لقب بھی دیا گیا۔

اس تحریر میں ہم امام زین العابدین علیہ السلام کی واقعہ کربلا سے پہلے کی زندگی اور اس عرصے میں آپ کے ذاتی، سماجی، اخلاقی اور سیاسی کردار کا ذکر کریں گے تاکہ اس عظیم ہادی کی شخصیت کے مختلف پہلوؤں کو اجاگر کر سکیں۔

ولادت، خاندانی پس منظر اور ابتدائی ایام

امام زین العابدین علیہ السلام کی ولادت 5 شعبان 38 ہجری کو مدینہ منورہ میں ہوئی۔ بعض مؤرخین کے مطابق آپ کی ولادت 15 جمادی الاول 38 ہجری کو بھی بیان کی گئی ہے۔ آپ کی ولادت امیر المؤمنین علیہ السلام کی شہادت سے دو سال قبل ہوئی۔

آپ کا نسب نامہ کائنات کا اشرف، ارفع، مقدس اور اعلیٰ ترین نسب نامہ ہے: علی بن حسین بن علی بن ابی طالب بن عبد المطلب بن ہاشم۔

آپ کی کنیت ابو محمد یا ابو عبد اللہ تھی۔

آپ کی والدہ شہر بانو ایران کے بادشاہ یزدگرد سوم کی بیٹی تھیں جب مسلمانوں نے ایران فتح کیا تو یزدگرد کی دو بیٹیاں شہر بانو اور گہن بانو قیدی بنائی گئیں۔ امیر المؤمنین علیہ السلام نے ان دونوں کو آزاد کیا اور شہر بانو کو حضرت امام حسین علیہ السلام کے نکاح میں دیا۔

جناب شہر بانو ایک نیک اور پرہیزگار خاتون تھیں۔ ایک مرتبہ ایک کنیز نے ان پر ترس کھایا کہ شہزادی ہونے کے باوجود امام حسین علیہ السلام کے گھر میں رہ رہی ہیں تو جناب شہر بانو نے جواب دیا: "تم ایسا کبھی نہ کہو کیونکہ تم نہیں جانتے کہ میں کہاں تھی اور اب کہاں ہوں۔ میں جہنم کی آگ میں تھی اور جنت میں آ گئی۔ میں آگ پرستوں کے گھر سے نکل کر ایک اللہ کے بندوں کے گھر آ گئی"۔

جناب شہر بانو امام زین العابدینؑ کی پیدائش کے چند دن بعد ہی وفات پا گئی تھیں۔

امام زین العابدین علیہ السلام کی پرورش ایک ایسے گھرانے میں ہوئی جو علم و حکمت، تقویٰ اور شجاعت کا مرکز تھا۔ آپ نے اپنی زندگی کے ابتدائی دو سال اپنے جد امجد امیر المؤمنین علی بن ابی طالب علیہ السلام کی آغوش میں گزارے۔ اس کے بعد بارہ سال تک آپ نے اپنے چچا امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام کی سرپرستی میں پلے بڑھے اور تقریباً 23 سال تک اپنے والد بزرگوار امام حسین علیہ السلام کے ساتھ رہے۔

ان تمام ادوار میں آپ نے اہل بیت رسول اللہ کے علمی اور روحانی چشمہ ربانی سے سیراب ہوتے رہے۔

زمانے کے اعتبار سے عمومی تقسیم کے مطابق آپ کا شمار تابعین یعنی صحابہ کرام کے بعد آنے والی نسل میں ہوتا ہے۔

واقعہ کربلا سے پہلے ذاتی اور اخلاقی کردار کی اک جھلک یوں ہے:

عبادت و تقویٰ اور روحانی زندگی

امام علی ابن الحسین علیہ السلام کو زین العابدین یعنی عبادت گزاروں کی زینت، سید الساجدین یعنی سجدہ گزاروں کے سردار اور عابد و سجاد کے لقب انتہائے عبادت و بندگی اور کثرت سجدہ کی وجہ سے ملے یوں کہیئے کہ آپ کی زندگی عبادت، دعا اور مناجات میں گزری۔ آپ جب وضو کے لیے بیٹھتے تو آپ کے چہرے کا رنگ بدل جاتا اور جب نماز کے لیے کھڑے ہوتے تو آپ کا جسم لرزتا تھا جب اس کی وجہ پوچھی جاتی تو آپ فرماتے: "کیا تم نہیں جانتے کہ میں کس کے سامنے کھڑا ہوں اور کس سے گفتگو کر رہا ہوں؟"

آپ کی عبادت کا یہ عالم تھا کہ آپ نے اپنی زندگی کا بیشتر حصہ نماز، روزہ اور دعا میں گزارا۔ آپ کی یہ عبادت محض رسمی نہیں تھی بلکہ روحانی تعلق اور عشق الٰہی کا حقیقی مظہر تھی۔

اخلاقی اقدار اور کردار:

امام زین العابدین علیہ السلام اپنے اجداد کی طرح بلند اخلاق کے مالک تھے۔ آپ کے اخلاقی کردار کی چند جھلکیاں بیان کرنے کی کوشش کرتے ہیں:

حلم و بردباری: ایک مرتبہ ایک شخص نے مجمع عام میں آپ کی شان میں ناروا کلمات کہے اور چلا گیا۔ امام علیہ السلام نے چند لوگوں کی ہمراہی میں اس کی طرف جانے کا اظہار کرتے ہوئے فرمایا:

"تم لوگ ہمارے ساتھ چلو تاکہ ہمارا طرزِ عمل اور بدلہ بھی دیکھو ... آپ علیہ السلام اس کے پاس پہنچے اور فرمایا، اے عبد خدا تو اگر مسافر ہے تو میں تمہیں مکان اور اگر مظلوم ہے تو امان دیتا ہوں، اگر غریب ہے تو مال دیتا ہوں، اگر مقروض ہے تو تیرا قرض ادا کر دیتا ہوں۔ وہ شخص اپنے کردار پر نادم ہوتے ہوئے آپ سے معافی مانگنے لگا۔ اس واقعہ سے آپ کے حلم اور بردباری کا اندازہ ہوتا ہے کہ آپ نے بدلہ لینے کے بجائے اس شخص کی اصلاح اور اسے دین اسلام کی اخلاقیات سمجھانے کی کوشش فرمائی۔

تواضع اور انکساری: آپ نہایت منکسر المزاج اور علم دوست تھے۔ علمی نشستوں کو پسند فرماتے، ایک مرتبہ کسی نے آپ کے زید بن اسلم کے حلقہ درس میں جانے پر اعتراض کیا تو آپ نے فرمایا: "آدمی وہیں بیٹھتا ہے جہاں اسے فائدہ ہونے کا امکان ہو۔ علم کی ہر جگہ تلاش کی جانی چاہیے چاہے وہ کہیں بھی ہو" اور حدیث مبارکہ میں ہے کہ علم و حکمت مومن کی میراث ہے اسے حاصل کرو چاہے کسی یہودی کے پاس ہی کیوں نہ ہو۔

تقویٰ اور پرہیزگاری: مؤرخین و محدثین کا کہنا ہے کہ انہوں نے آپ کے تقویٰ اور پرہیزگاری میں کسی کو بھی آپ کا ہمسر نہیں پایا۔

غم و اندوہ: اگرچہ یہ غم کربلا کے بعد زیادہ شدت اختیار کر گیا، لیکن اس سے پہلے بھی آپ کی طبیعت میں نرمی اور رقت پائی جاتی تھی، یعنی آپ اپنے جد پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حدیث "الحزن رفیقی" حزن و ملال میرا ساتھی ہے، کے مصداق تھے۔

علمی مقام کی تو کیا بات کی جائے کہ آپ مدینۃ العلم کے وارث اور باب مدینۃ العلم کے فرزند تھے اسی لئے آپ اپنے زمانے کے ممتاز ترین علماء میں شمار ہوتے تھے۔ آپ نے قرآن، حدیث اور فقہ میں نہایت بلند مقام حاصل کیا۔ آپ کے علمی مقام کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ آپ کے پاس علم حاصل کرنے کے لیے دور دور سے لوگ آتے تھے اور آپ کی شاگردی اختیار کرتے تھے۔

آپ کی علمی خدمات میں "صحیفہ سجادیہ" خاص اہمیت رکھتی ہے جسے "زبور آل محمد" بھی کہا جاتا ہے۔ یہ کتاب دعاؤں اور مناجاتوں کا ایک شاہکار مجموعہ ہے جو نہ صرف عبادت بلکہ عقائد، اخلاقیات اور معاشرتی مسائل کے حل اور تربیت و تعلیم کا ہدایت نامہ ہے۔ اسی طرح "رسالہ حقوق" بھی آپ کی ایک اہم تصنیف ہے جس میں مختلف حقوق (خدا کے حقوق، انسانوں کے حقوق، وغیرہ) کو تفصیل سے بیان کیا گیا ہے۔

واقعہ کربلا سے پہلے سماجی کردار

معاشرتی ذمہ داریاں اور غریبوں کی دستگیری:

معاشرتی پہلو سے آپ کی سیرت کا مطالعہ واضح کرتا ہے کہ امام زین العابدین علیہ السلام ایک ذمہ دار شہری کی حیثیت سے معاشرے میں اپنا کردار ادا کرتے تھے۔ آپ غریبوں، مسکینوں اور محتاجوں کی خصوصی طور اور خصوصی انداز میں مدد فرماتے تھے۔

محمد بن اسحاق روایت کرتے ہیں: "مدینہ کے بہت سے غریب شہری امام علی بن حسین علیہ السلام کی سخاوت اور فیاضی سے استفادہ کیا کرتے تھے"۔

آپ علیہ السلام کی سخاوت کا یہ عالم تھا کہ اگر آپ کو کسی نیک شخص کے بارے میں معلوم ہوتا کہ وہ اپنا قرض ادا نہیں کر سکتا تو آپ اس کا قرض خود ادا فرما دیتے۔ ایک مرتبہ آپ نے محمد بن اسامہ بن زید کا 15 ہزار دینار کا قرض ادا کیا۔

سماجی اقدار کی ترویج: امام علیہ السلام نے سماجی اقدار کی ترویج کے لیے دعاؤں اور مناجاتوں کو ایک موثر ذریعے کے طور پر استعمال فرمایا۔ آپ کی دعائیں صرف عبادت تک محدود نہیں تھیں بلکہ ان میں سماجی شعور، اخلاقیات اور معاشرتی ذمہ داریوں کی تعلیم بھی شامل تھی۔

اسلامی معاشرتی بنیادوں کا احیاء:

آپ نے "رسالہ حقوق" کے ذریعے ایک مکمل سماجی نظام فراہم کیا جس میں فرد کے اپنے خالق، اپنے نفس، دوسرے انسانوں اور معاشرے کے حوالے سے تمام حقوق کو تفصیل سے بیان کیا گیا۔

(رسالۃ الحقوق اور اسلامی معاشرے کی تشکیل ایک الگ موضوع ہے جس پر یہاں بات کرنا طوالت کا باعث ہوگا)

علمی اور تربیتی کردار:

کربلا سے پہلے بھی امام علیہ السلام نے علمی اور تربیتی حلقے قائم کیے تھے۔ اگرچہ یہ کردار کربلا کے بعد زیادہ نمایاں ہوا، لیکن اس سے پہلے بھی آپ اپنے شاگردوں کی تربیت فرماتے تھے۔

سانحہ کربلا سے پہلے امام حسین علیہ السلام کی باشرف و بافضیلت موجودگی کی وجہ سے اگرچہ آپ نے الگ سے کوئی نظام تشکیل نہیں دیا کیوں کہ اس سلسلہ عصمت کے سب ہی کردار الٰہی نظام ہدایت کے پروردہ اور پرچارک تھے تاہم آپ نے اپنے فرزند محمد باقر کی تربیت اس انداز سے کی کہ کمسنی میں ہی کربلا کی ناقابلِ برداشت مصیبتوں میں ان کا کردار راضی بارضائے الٰہی کا آئینہ دار رہا پس کہا جا سکتا ہے کہ قبل از کربلا آپ کے فرزند امام محمد باقر علیہ السلام آپ کے نمایاں شاگردوں میں شامل ہیں۔

واقعہ کربلا سے پہلے آپ کے سیاسی کردار پر نظر کی جائے تو یہ اہل بیت رسول صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی سیاسی روایت کا تسلسل نظر آتا ہے۔

امام زین العابدین علیہ السلام ایک ایسے خاندان میں پلے بڑھے جو سیاست اور حکومت کے معاملات میں ہمیشہ سرگرم عمل رہا بلکہ یہ کہنا مناسب ہوگا کہ آپ کے باعظمت خاندان کی شمولیت ہی معاشرے کے سیاسی عمل کے لئے اسلامی سیاسی عمل کہلانے کی سند ہے۔ عمومی اعتبار سے دیکھیں تو آپ کے جد امجد امیر المؤمنین علیہ السلام خلیفہ وقت تھے، آپ کے چچا امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام نے خلافت سنبھالی اور آپ کے والد امام حسین علیہ السلام نے یزید کی بیعت سے انکار کیا اور ان ادوار میں اہل بیت رسول نے اسلامی سیاست کے ان بنیادی اصولوں کو واضح کیا جو اس سے پہلے آشکار نہ تھے مثلاً

امام علی علیہ السلام کی سیرت نے واضح کیا کہ اگر مسلمان معاشرے میں کوئی گروہ اسلامی حکومت کے خلاف بغاوت کرے تو اسلام کی فکری، نظری اور عملی تعلیمات کن ذمہ داریوں کا تعین کرتی ہیں۔

امام حسن علیہ السلام کی سیرت نے بتلایا کہ اگر اسلامی حکومت کے خلاف بغاوت ہو اور اسلام کا وجود ہی خطرے میں پڑ جائے تو حکومت کی بجائے اسلامی اقدار کو بچانے کی خاطر اقتدار کی قربانی دے کر دین الٰہی کو بچایا جائے۔

امام حسین علیہ السلام کی سیرت نے روشن کیا کہ اگر اسلام کے لبادے میں غیر اسلامی فرد دین کی جڑوں کو بیخ و بن سے اکھاڑنے پر اتر آئے تو اسلام کی پالیسی کیا ہے اور آپ علیہ السلام نے اپنے کردار سے تا قیامت اسلامی پالیسی واضح فرما دی کہ:

چڑھ جائے کٹ کے سر تیرا نیزے کی نوک پر
لیکن یزیدیوں کی بیعت نہ کر قبول

اس پس منظر میں امام زین العابدین علیہ السلام نے اپنے والد کے سیاسی موقف کو سمجھا اور نہ صرف اس کی حمایت کی بلکہ کوفہ و شام میں اپنے کردار سے اسلام کے مردہ جسم کو زندگی کی روانی عطا کرتے ہوئے یزیدیت کو تا قیامت دفن کر دیا۔

اگرچہ آپ نے کربلا کی جنگ میں براہ راست حصہ نہیں لیا، لیکن آپ کا سیاسی کردار اس جنگ سے کہیں زیادہ وسیع، اہم اور جاندار تھا۔

ظلم و جبر کے خلاف موقف:

امام علیہ السلام نے ہمیشہ ظلم و جبر کے خلاف موقف اختیار کیا۔ آپ نے کسی بھی ظالم حکمران کی تائید نہیں کی اور نہ ہی کبھی کسی جابر کی بیعت کی۔ یہ بھی آپ کا سیاسی موقف ہی تھا کہ آپ نے سیاست سے کنارہ کشی اختیار کی لیکن اس کا مطلب یہ نہیں تھا کہ آپ نے ظلم کے خلاف آواز اٹھانا چھوڑ دیا۔

آپ "امر بالمعروف اور نہی عن المنکر" کو ایک اہم فریضہ سمجھتے تھے اور اسے کبھی ترک نہیں فرمایا۔

کربلا کی طرف سفر اور سیاسی بصیرت:

جب امام حسین علیہ السلام نے یزید کی بیعت سے انکار کر کے مدینہ سے مکہ اور مکہ سے کوفہ کی طرف سفر کا فیصلہ کیا تو امام زین العابدین علیہ السلام اپنے والد کے ہمراہ تھے۔

یہ سفر محض ایک جغرافیائی حرکت نہیں تھا بلکہ ایک عظیم سیاسی، نظریاتی اور اصلاحی تحریک کا آغاز تھا۔ امام زین العابدین علیہ السلام نے اپنے والد کے اس فیصلے کو اپنایا اور پورے سفر میں ان کا ساتھ دیا۔ آپ کی موجودگی اس بات کی دلیل ہے کہ آپ اپنے والد کے سیاسی موقف سے مکمل طور پر متفق تھے فقط یہی نہیں بلکہ اس تحریک سے استفادہ کرتے ہوئے آپ نے آئندہ کا سیاسی بیانیہ اور لائحہ عمل وضع فرمایا۔

کربلا میں آمد اور بیماری:

دین اسلام کی تعلیمات سے روشناس افراد جانتے ہیں کہ انسانی معاشرے کے لئے اللہ پاک کا عطا کردہ اور پسندیدہ دین اسلام ہے۔ شیطانی و طاغوتی طاقتوں سے اس کے دفاع و بقا کی خاطر انسانی معاشرے میں افراد متعین اور تیار کرنا بھی اللہ کی مشیت کا حصہ ہے اور واقعہ کربلا کا مشیت ایزدی سے گہرا تعلق ہے۔

امام زین العابدین علیہ السلام 2 محرم الحرام 61 ہجری کو کربلا پہنچے۔ کربلا پہنچتے ہی یا اس سے پہلے آپ بیمار ہو گئے۔ یہ بیماری اس قدر شدید تھی کہ آپ جنگ میں حصہ نہیں لے سکتے تھے۔ اس موقع پر امام حسین علیہ السلام نے آپ کو جنگ سے الگ رکھنے کا حکم دیا حالانکہ آپ اس میں شریک ہونے کے خواہش مند تھے۔ یہ فیصلہ محض ایک انسانی احساس کے زیر اثر نہ تھا بلکہ یہ مشیت ایزدی اور ایک حکمت عملی تھی تاکہ اہل بیت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ذریعے نسل رسول اور ہدایت الٰہی کا سلسلہ تا قیامت جاری رہے اور کربلا کے پیغام کو آئندہ نسلوں تک پہنچایا جا سکے۔

سیاسی اہمیت کا ادراک:

امام زین العابدین علیہ السلام کی بیماری اور جنگ سے الگ رہنے کا واقعہ سیاسی طور پر انتہائی اہمیت کا حامل تھا اس سے ثابت ہوتا ہے کہ:

آپ کی زندگی کا تحفظ اہل بیتؑ کے مشن کے تسلسل کے لیے ضروری تھا۔

آپ کو ایک زندہ گواہ کے طور پر بچایا گیا تاکہ کربلا کے اصل اہداف کو دنیا تک پہنچایا جا سکے یہ ایک الٰہی منصوبہ تھا جس کے تحت امامت کا سلسلہ آپ کے ذریعے جاری رکھا گیا

واقعہ کربلا سے پہلے آپ کی شخصیت کے دیگر پہلو:

عبادت گزار امام:

اگرچہ الٰہی نظام ہدایت کے سب ہی آئمہ ہر وصف میں کمال رکھتے تھے تاہم کوئی ایک وصف بھی ان کی ذات کے سبب کمال کی منزل پاتا ہوا نظر آتا ہے۔

آپ کی سب سے نمایاں خصوصیت آپ کی عبادت اور بندگی تھی۔ آپ کو "زین العابدین" اس لیے کہا جاتا ہے کہ آپ عبادت گزاروں کے لیے زینت تھے۔ آپ کی یہ عبادت محض ذاتی نہیں تھی بلکہ اس کے ذریعے آپ معاشرے کو راہ راست دکھاتے تھے۔ رسول اعظم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جب روز محشر بپا ہوگا تو اک منادی اہل محشر میں ندا دے گا کہ کہاں ہے عبادت گزاروں کی زینت؟ کہاں ہے سجدہ گزاروں کا سید و سردار؟

تو ایسے میں میرا بیٹا علی ابن الحسین لبیک اللھم لبیک کہتے ہوئے وارد محشر ہوگا۔

حلم اور بردباری کے پیکر:

آپ کی شخصیت حلم اور بردباری کا ایک مکمل نمونہ تھی۔ آپ نے اپنے دشمنوں کے ساتھ بھی نرمی اور درگزر کا برتاؤ کیا۔ آپ کا یہ کردار آپ کے والد اور دیگر اہل بیت کی تربیت و تعلیمات کا عکاس تھا۔

سخاوت اور فیاضی:

آپ کی سخاوت کوئی رسمی یا ظاہری نہیں تھی بلکہ یہ آپ کے دل کی گہرائیوں اور روح کی پہنائیوں سے ادا کیا جانے والا عمل تھا۔ آپ خفیہ طور پر غریبوں کی مدد فرماتے تھے تاکہ کسی کو شرمندگی نہ اٹھانی پڑے۔

علمی کمالات:

آپ کا علمی مقام نہایت بلند تھا۔ آپ نے نہ صرف خود علم حاصل کیا بلکہ دوسروں کو بھی اس سے فیض یاب کیا۔ آپ کی دعائیں اور مناجاتیں آپ کے علمی کمالات کا آئینہ دار ہیں۔

اب کربلا سے پہلے کے دور کا تاریخی اور سیاسی پس منظر میں جائزہ لیتے ہیں۔

امام حسین علیہ السلام کی تحریک اور اس میں امام سجادؑ کا مقام:

جب امام حسین علیہ السلام نے یزید کی بیعت سے انکار کیا اور اصلاح امت کے لیے قیام کا فیصلہ کیا تو امام زین العابدین علیہ السلام اس تحریک کے ایک اہم ستون تھے۔ آپ نے اپنے والد کے فیصلے کو نہ صرف قبول کیا بلکہ اس میں عملی طور پر شریک بھی ہوئے۔

اگرچہ آپ نے کربلا میں تلوار نہیں اٹھائی، لیکن آپ کا اخلاقی، روحانی اور سیاسی کردار اس تحریک کی کامیابی کے لیے نہایت اہم تھا۔

بنو امیہ کی حکومت اور امام کا موقف:

بنو امیہ کی حکومت جبر، ظلم اور اسلامی اقدار سے دوری کا نمونہ تھی۔ امام زین العابدین علیہ السلام نے اس حکومت کے خلاف اپنے موقف کو کبھی نہیں چھپایا۔ آپ نے کبھی بھی کسی اموی حکمران کی بیعت نہیں کی اور نہ ہی کبھی ان کی تائید کی۔

آپ کا یہ موقف آپ کے سیاسی کردار کا ایک اہم پہلو تھا جس نے بعد میں آنے والی نسلوں کے لیے ایک مثال قائم کی۔

نتیجہ:

امام زین العابدین علیہ السلام کی واقعہ کربلا سے پہلے کی زندگی ہر لحاظ سے ایک مثالی اور قابل تقلید زندگی تھی۔ آپ کی شخصیت کے جتنے بھی پہلوؤں کا جائزہ لیا جائے، ہر پہلو میں آپ ایک مکمل متوازن اور باکمال انسان کے طور پر نظر آتے ہیں:

ذاتی کردار: آپ عبادت، زہد، تقویٰ اور روحانیت کا ایک روشن مینار تھے۔ آپ کی عبادت محض رسمی نہیں تھی بلکہ روحانی تعلق اور عشق الٰہی کا مظہر تھی۔ آپ کا لقب "سجاد" اور "زین العابدین" آپ کی اس خصوصیت کا آئینہ دار ہے۔

اخلاقی کردار: آپ حلم، بردباری، تواضع، سخاوت اور ایثار کا ایک مکمل نمونہ تھے۔ آپ نے اپنے دشمنوں کے ساتھ بھی نرمی اور درگزر کا برتاؤ کیا اور غریبوں اور مسکینوں کی ہر ممکن مدد فرمائی۔

سماجی کردار: آپ نے معاشرے میں اخلاقی اقدار کی ترویج، غریبوں کی دستگیری اور علمی و تربیتی میدان میں فہم اسلام کی نشستیں قائم کر کے اسلام کے ایک مثالی ذمہ دار شہری کا کردار ادا کیا۔ آپ کی دعائیں اور مناجاتیں صرف عبادت نہیں تھیں بلکہ ان کے ذریعے آپ نے سماجی شعور اور معاشرتی ذمہ داریوں کی تعلیم دی۔

سیاسی کردار: آپ نے اپنے والد امام حسین علیہ السلام کے سیاسی موقف کو سمجھا اور اس کی حمایت کی۔ آپ نے کسی ظالم حکمران کی تائید نہیں کی اور نہ ہی کبھی کسی جابر کی بیعت کی۔ آپ کا کربلا میں موجود ہونا اور بیمار ہونے کے باوجود اپنے والد کا ساتھ دینا آپ کے سیاسی کردار کا ایک اہم پہلو ہے۔

واقعہ کربلا نے امام زین العابدین علیہ السلام کی شخصیت کو ایک نئی جہت عطا کی، لیکن اس سے پہلے ہی آپ کی شخصیت کے تمام پہلو اپنے کمال پر تھے۔ آپ نے ایک ایسی زندگی گزاری جو ہر مسلمان کے لیے ایک مکمل نمونہ ہے۔ آپ کی تعلیمات، جو صحیفہ سجادیہ اور رسالہ حقوق کی شکل میں ہمارے پاس محفوظ ہیں، آج بھی ہماری رہنمائی کرتی ہیں اور قیامت تک رہنمائی کرتی رہیں گی۔

امام زین العابدین علیہ السلام نے ثابت کیا کہ ایک مسلمان اپنے ذاتی، اخلاقی، سماجی اور سیاسی کردار میں کیسے متوازن اور مکمل ہو سکتا ہے۔ آپ کی زندگی ہمیں یہ سبق دیتی ہے کہ عبادت، سیاست، اخلاق اور معاشرت، سب کو ایک ساتھ ملا کر ایک کامیاب اور باکمال زندگی گزاری جا سکتی ہے۔

SHOWBIZ شوبز

ابرار الحق نے گانے نچ پنجابن کی تخلیق کی دلچسپ کہانی سنا دی

اس کامیابی کے بعد پاکستان میں پاپ اور بھنگڑا موسیقی کے نمایاں فنکاروں میں شمار کیا جانے لگا

لاہور (این این آئی) معروف گلوکار ابرار الحق نے اپنے مقبول ترین گانے نچ پنجابن کی تخلیق کے پیچھے چھپی دلچسپ کہانی بیان کرتے ہوئے بتایا کہ اس گانے کا مشہور جملہ گانے نوں دے دے پنجابی نچ کس طرح وجود میں آیا۔ ایک یوٹیوب چینل کو دیے گئے انٹرویو میں ابرار الحق نے بتایا کہ میں گانے کے ابتدائی بول لکھ رہا تھا، جن میں میری سائیکل ہولی چل دی سی، میں گاڈی فل بگھاواں گا، سائیکل تے بندے دو بندے، میں پوری قوم بٹھا منگاں شامل تھے، اسی دوران میں نے اپنے کزن ٹیپو سے گانے پر رائے طلب کی۔ ابرار الحق کے مطابق میں نے پوچھا ٹیپو! کیسا لگ رہا ہے؟

روی موہن نے فلموں سے وقفہ لینے کا فیصلہ واپس لے لیا

ممبئی (این این آئی) تاٹل اداکار روی موہن نے فلموں سے وقفہ لینے کا فیصلہ واپس لیتے ہوئے دوبارہ اداکاری جاری رکھنے کا اعلان کیا ہے۔ اس سے قبل انہوں نے کہا تھا کہ وہ طلاق کا معاملہ حتمی طور پر حل ہونے تک فلموں سے دور رہیں گے۔ ایک تقریب میں گفتگو کرتے ہوئے اداکار نے اعتراف کیا کہ انہوں نے وہ فیصلہ جذبات میں بہہ کر کیا تھا، انہوں نے اپنے مداحوں سمیت فلمی برادری سے معذرت بھی کی۔ اپنی اہلیہ آرتی روی سے علیحدگی اور اس کے بعد گلوکارہ وہیلر کینیشا فرانسس کے ساتھ بریک اپ کی وجہ سے خبروں میں رہنے والے روی موہن نے یہ بھی کہا کہ وہ اب خود کو سنیما سے دور نہیں رکھیں گے۔ ایوارڈز کی تقریب کے دوران روی موہن نے کہا کہ انہوں نے اپنی آدھی زندگی سنیما کو دی ہے اور اپنے پچھلے اعلان سے مداحوں کا دل دکھانے پر انہیں افسوس ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں اس سال 46 برس کا ہو رہا ہوں۔ اگر اس کا آدھا کریں تو 23 سال بنتے ہیں، یعنی میری آدھی زندگی سنیما میں گزری ہے۔ یہ انتہائی افسوسناک ہے کہ میری ایک چھوٹی سی غلطی نے آپ سب کو اتنا دکھ پہنچایا۔ اداکار نے واضح کیا کہ انڈسٹری کے لوگوں کی طرف سے ملنے والی حمایت کے بعد انہوں نے اپنے فیصلے پر نظرثانی کی۔ بڑے پردے پر واپسی کا وعدہ کرتے ہوئے روی نے مزید کہا کہ میں اپنے مداحوں کو مزید دھوکہ نہیں دوں گا، میں یقیناً واپس آؤں گا۔

شادی سے پہلے بے شمار افیئر ز تھے، میں پلے بوائے تھا، رام کپور

گوتمی سے شادی کا فیصلہ کیا تو میری قریبی دوست ایکتا پور نے گوتمی کو فون کر کے خبردار کیا تھا

ممبئی (این این آئی) بھارتی اداکار رام کپور نے اپنی ازدواجی زندگی سے قبل ہونے والے تعلقات کے بارے میں کھل کر بات کرتے ہوئے اعتراف کیا ہے کہ شادی سے پہلے میرے بہت زیادہ افیئر ز رہے اور میں خود کو پلے بوائے سمجھتا تھا۔

بقیہ 1

تھیں۔ملاقات کے دوران امریکی قونصل جنرل نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی جانب سے عوامی فلاح، ثقافت اور فنون کے فروغ کے لیے کیے جانے والے اقدامات کو سراہا۔انہوں نے پنجاب فلم سٹی کے قیام اور صوبے میں تھیٹر کی بحالی کے لیے حکومت پنجاب کی کاوشوں کو قابلِ تحسین قرار دیا۔اس موقع پر لاہور میں امریکی فنکاروں اور المرا آرٹس کونسل کے درمیان مشترکہ ثقافتی شراکت داری کے قیام اور مختلف ثقافتی سرگرمیوں کے انعقاد کے امکانات پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا صوبائی وزیر اطلاعات و ثقافت عظمیٰ بخاری نے امریکی قونصل جنرل کو وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی جانب سے عوامی فلاح و بہبود کے لیے شروع کیے گئے مختلف منصوبوں سے آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب میں خواتین، طلبہ اور کسانوں کی ترقی اور خوشحالی کے لیے تاریخی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ "اپنی چھت، اپنا گھر" پروگرام کے تحت صوبے بھر میں ایک لاکھ ستر ہزار گھروں کی تعمیر کا عمل جاری ہے، جس سے ہزاروں خاندانوں کو اپنی رہائش کا خواب پورا کرنے میں مدد ملے گی۔ملاقات میں وزارت اطلاعات و ثقافت پنجاب اور امریکی قونصلیٹ لاہور کے درمیان ثقافت، فنون اور تخلیقی سرگرمیوں کے شعبے میں باہمی تعاون کو مزید وسعت دینے پر بھی اتفاق کیا گیا۔ملاقات کے اختتام پر صوبائی وزیر اطلاعات و ثقافت عظمیٰ بخاری نے امریکی قونصل جنرل سٹیفن سینڈرز کو یادگاری سووینئر پیش کیا۔

بقیہ 2

تقریب کے دوران ایم ڈی رانا ساجد صفدر اور چیف فنانشل آفیسر بلال خاور نے محرم الحرام کے دوران شب و روز خدمات انجام دینے والے آپریشن افسران، سپروائزرز اور صفائی ورکرز میں تعریفی اسناد تقسیم کیں اور ان کی محنت، لگن اور ذمہ داری کے جذبے کو سراہا۔اس موقع پر ایم ڈی رانا ساجد صفدر نے کہا کہ محرم الحرام کے دوران صفائی ستھرائی، ویسٹ کلیکشن اور جلوسوں و مجالس کے راستوں کی بروقت صفائی کو یقینی بنانے میں فیلڈ سٹاف نے غیر معمولی محنت اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا۔انہوں نے کہا کہ صفائی ورکرز کمپنی کا حقیقی اثاثہ ہیں اور انہی کی انتھک محنت سے شہریوں کو صاف، محفوظ اور بہتر ماحول فراہم کرنا ممکن ہوتا ہے ۔ انہوں نے مزید کہا کہ بہترین کارکردگی دکھانے والے ملازمین کی حوصلہ افزائی کا سلسلہ آئندہ بھی جاری رکھا جائے گا تاکہ خدمت کا یہی جذبہ برقرار رہے۔ڈسٹرکٹ مینیجر آپریشنز راولپنڈی عامر یونس نایک نے کہا کہ محرم الحرام کے دوران تمام آپریشن ٹیموں نے مربوط حکمت عملی کے تحت دن رات خدمات انجام دیں اور جلوسوں، امام بارگاہوں اور مجالس کے مقامات پر بروقت صفائی کو یقینی بنایا۔انہوں نے کہا کہ فیلڈ سٹاف کی لگن اور ٹیم ورک کی بدولت شہریوں کو بہترین صفائی سہولیات فراہم کی گئیں، جس پر پوری ٹیم مبارکباد کی مستحق ہے ۔آپریشن سٹاف نے تعریفی اسناد دینے پر ایم ڈی رانا ساجد صفدر اور کمپنی انتظامیہ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے عزم کا اظہار کیا کہ وہ آئندہ بھی اسی جذبے اور ذمہ داری کے ساتھ شہریوں کو بہترین صفائی خدمات فراہم کرتے رہیں گے۔

بقیہ 3

رہے گی۔ وزارتِ اطلاعات و نشریات کی جانب سے جاری ہونے والا یہ نوٹیفکیشن 9 جولائی 2026 کو جاری کیا گیا۔

بقیہ 4

سی آئی ایس ایس، آزاد جموں و کشمیر، نے بھارتی اسٹریٹیجک فکر پر ہندوتوا کے اثرات کی تہذیبی اور اساطیری جڑوں کی وضاحت کی۔اسٹریٹیجک کلچر کی متحرک نوعیت کو واضح کرتے ہوئے انہوں نے اس کی نمایاں خصوصیات کو نظریاتی پسندی، ہندو بالادستی، فریب کاری اور عظیم حکمت عملی کی سوچ قرار دیا۔ان کے مطابق، بھارت دو محاذی جنگ کے لیے تیاری کا دعویٰ ضرور کرتا ہے، مگر اس کی تہذیبی فطرت میں کسی بھی محاذ پر حد سے زیادہ پھیلاؤ سے گریز شامل ہے ، جس کی وجہ سے ایسی جنگ کا امکان کم ہے ۔ڈاکٹر خواجہ کے نزدیک، معرکہ حق کے دوران بھارت کا طرزِ عمل تہذیبی طور پر پہلے سے طے شدہ اور تاریخی بیانیوں میں جڑا ہوا تھا۔ بھارت کی وقار کی جستجو کو نظیہ کے اس اصول کی غلط تعبیر کے باعث ناکام رہی کہ تیاری کے بغیر محض تاثر قائم کرنا شکست کو دعوت دیتا ہے۔انہوں نے اپنی گفتگو کا اختتام اس نتیجے پر کیا کہ بھارتی حکمتِ عملی توازنِ طاقت کی بجائے بالادستی کی متلاشی ہے ۔ڈاکٹر بلال غضنفر، اسسٹنٹ پروفیسر اور صدر شعبہ بین القوامی تعلقات، یونیورسٹی آف رسول نے بیان کیا کہ وزیراعظم مودی کے دورِ حکومت میں بھارت نے نظریاتی، ادارہ جاتی، عسکری، معلوماتی اور سفارتی تبدیلیوں کے ذریعے اپنی اسٹریٹیجک ثقافت کو جان بوجھ کر ازسرِ نو تشکیل دیا ہے ۔اس تبدیلی کے پیچھے پانچ عوامل کارفرما تھے : نظریاتی تبدیلی، ادارہ جاتی اور سماجی ازسرِ نو ترتیب، جارحانہ عسکری حقیقت پسندی، معلوماتی بالادستی، اور عالمی شراکت داریوں کے ذریعے اسٹریٹیجک رجائیت۔ معرکہ حق اس نئے نقطہ نظر کا پہلا بڑا امتحان ثابت ہوا، جس نے بھارت کی عسکری منصوبہ بندی میں موجود خامیوں کو بے نقاب کر دیا۔ڈاکٹر غضنفر نے کہا کہ ایئر چیف مارشل بابر سدھو کی قیادت میں پاک فضائیہ کی آپریشنل کارکردگی نے بھارت کی عسکری منصوبہ بندی اور ۲۰۱۴ کے بعد کی اس کی اسٹریٹیجک فکر کی فکری بنیادوں میں کمزوریاں بے نقاب کر دیں۔انہوں نے اس نتیجے پر گفتگو کا اختتام کیا کہ بھارت کی نظریاتی سختی اس کی اسٹریٹیجک خود اعتمادی کی صلاحیت کو محدود کرنے کا خطرہ رکھتی ہے، جس سے مستقبل کے بحرانوں میں غلط اندازوں کا امکان بڑھ جاتا ہے۔اپنے اختتامی کلمات میں، ایئر مارشل عاصم سلیمان (ریٹائرڈ)، صدر کیس لاہور نے کہا کہ ۲۰۱۴ سے بی جے پی نے پروجیکٹ اُدبھو، اٹنی پتھ اسکیم اور سینک اسکولوں میں آر ایس ایس کے بڑھتے ہوئے اثر و رسوخ جیسے اقدامات کے ذریعے بھارتی فوج کو آر ایس ایس کے نظریے سے تیزی سے ہم آہنگ کیا ہے ۔انہوں نے معرکہ حق میں بھارت کے طرزِ عمل کا موازنہ ایئر چیف مارشل بابر سدھو کی قیادت میں پاک فضائیہ کے متوازن ردعمل سے کیا، جس میں پاک فضائیہ نے صلاحیت رکھنے کے باوجود مزید نقصان پہنچانے کی بجائے تحمل کا راستہ اختیار کیا۔ ان کے مطابق، بھارت کی انتہا پسندی نے خطے میں نیٹ سکیورٹی فراہم کنندہ کے طور پر اس کی اسٹریٹیجک اہمیت کو کم کر دیا ہے، جس کی ایک مثال آپریشن سندور کے بعد امریکی محکمہ دفاع کی جانب سے پینٹاگن کمانڈ کا سابقہ نام بحال کرنا ہے۔انہوں نے اپنی گفتگو کا اختتام اس بات پر زور دیتے ہوئے کیا کہ پاکستان کو ایک زیادہ غیر یقینی سلامتی ماحول میں چوکسی، تیاری اور بازدارندگی کی ضرورت ہے۔تقریب کا اختتام ایک بھرپور اور متحرک سوال و جواب کے سیشن پر ہوا، جس میں بی جے پی کی قیادت، فریب کاری، اخلاقیات اور معلوماتی جنگ جیسے موضوعات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔شرکاء نے کیس لاہور کی جانب سے ایک دلچسپ اور فکر انگیز مکالمے کے انعقاد کی کاوش کو سراہا۔

بقیہ 5

گزشتہ روز میڈیا ٹاؤن اسلام آباد کے قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ نمازِ جنازہ میں پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹس کے صدر افضل بٹ، سیکرٹری فنانس لالہ اسد پٹھان، پی ایف یو جے کے سابق سیکرٹری جنرل اور ممبر ایف ای سی ناصر زیدی، نیشنل پریس کلب کے سابق صدور شکیل انجم، طارق چوہدری اور اظہر جتوئی، جنگ یونین کے صدر ناصر چشتی، میڈیا ورکرز آرگنائزیشن (ایم ڈبلیو او) کے صدر کلیم شمیم اور سیکرٹری راجہ جاوید خان، سینئر صحافی نجم الاسلام عثمانی، راولپنڈی اسلام آباد یونین آف جرنلسٹس (آر آئی یو جے) کے سابق صدور عامر سجاد سید، علی رضا علوی، وقار ستی، طارق علی ورک اور مبارک زیب، آر آئی یو جے کے جنرل سیکرٹری راجہ بشیر عثمانی، سیکرٹری فنانس اظہار خان نیازی، نیشنل پریس کلب کے سیکرٹری فنانس عابد عباسی، سینئر جوائنٹ سیکرٹری سید شیراز گردیزی، جوائنٹ سیکرٹری سید عون شیرازی، کشمیر جرنلسٹس فورم کے صدر عرفان سدوزئی، ممبر ایگزیکٹو باڈی آر آئی یو جے فرحان خان، سینئر صحافی عامر محبوب، جہانگیر منہاس، زمان مغل، سردار حمید، اعجاز عباسی، عبدالوحید چوہدری، عامر بٹ، مدثر چوہدری، گلزار خان، المدار حسین، سردار عاشق، حامد حبیب، نعیم اللہ، اللہ داد صدیقی، عزیز ملک، نعیم محبوب، زاہد خان، شمشاد مانگٹ، خالد احمد شاہ، رضا احمد شاہ، طاہر شاہ سمیت صحافتی برادری، مرحوم کے عزیز و اقارب اور عوام علاقہ نے شرکت کی۔اس موقع پر شرکاء نے محترمہ فوزیہ شاہد اور سوگوار خاندان سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم شاہد عثمانی کی خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی کامل مغفرت فرمائے، ان کے درجات بلند کرے، انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے اور تمام اہلِ خانہ کو یہ صدمہ صبر و استقامت کے ساتھ برداشت کرنے کی توفیق دے۔

بقیہ 6

پیچیدہ بنا رہا ہے ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم آبادی اور وسائل کے درمیان توازن، پائیدار ترقی اور قومی ذمے داری کے پہلوؤں پر سنجیدگی سے غور کریں اسپیکر امتیاز حیدر نے اظہارِ خیال کرتے ہوئے کہا کہ اصل مسئلہ صرف آبادی کا بڑھنا نہیں بلکہ آبادی اور وسائل کے درمیان عدم توازن ہے ۔جب وسائل محدود ہوں اور آبادی تیزی سے بڑھے تو ترقی کی رفتار سست پڑ جاتی ہے اور قومی وسائل پر غیر معمولی دباؤ آ جاتا ہے۔اگر ہم آج دانشمندانہ منصوبہ بندی، مؤثر پالیسی اور اجتماعی شعور کے ذریعے آبادی اور وسائل میں توازن قائم کرنے میں کامیاب ہو جائیں تو پاکستان نہ صرف اپنے موجودہ مسائل پر قابو پا سکتا ہے بلکہ آنے والی نسلوں کے لیے ایک خوشحال، مضبوط اور پائیدار مستقبل کی بنیاد بھی رکھ سکتا ہے دیگر اراکین شوریٰ میں نعیم اکرم قریشی، ڈاکٹر فرحت عباس، سلمیٰ قاصر، طارق شاہین، حکیم بشیر بھیروی، پروفیسر زاہد علی قریشی، تنویر نصرت، ڈاکٹر لعبان احمد خان، انجینئر مظفر اقبال، ڈاکٹر محمود الرحمٰن اور پروفیسر اقبال ناصری شامل تھے ان دانشوروں نے بھی اپنی رائے دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان اس وقت ایک ایسے دوراہے پر کھڑا ہے جہاں تیزی سے بڑھتی ہوئی آبادی اور محدود ہوتے قدرتی وسائل ہماری قومی ترقی، معاشی استحکام اور آئندہ نسلوں کے مستقبل کے لیے ایک سنگین چیلنج بن چکے ہیں اگر سائنسی منصوبہ بندی، مؤثر انتظام، وسائل کے منصفانہ استعمال، جدید ٹیکنالوجی اور ذمہ دار شہری طرزِ عمل کو یکجا کر لیا جائے تو پاکستان نہ صرف ان چیلنجز پر قابو پا سکتا ہے بلکہ اپنی نوجوان آبادی کو معاشی ترقی اور قومی استحکام کا سب سے بڑا سرمایہ بھی بنا سکتا ہے یہی وہ راستہ ہے جو وسائل کی کمی کو بحران کے بجائے بہتر حکمرانی اور پائیدار ترقی کی ایک نئی جہت میں تبدیل کر سکتا ہے۔

بقیہ 7

غذائیت اور صحت سے متعلق خدمات فراہم کر رہا ہے ۔ 2020 میں اپنے آغاز سے اب تک اس پروگرام سے 47 لاکھ افراد مستفید ہو چکے ہیں جبکہ اس توسیع کے بعد مستفید ہونے والوں کی مجموعی تعداد 80 لاکھ تک پہنچنے کی توقع ہے۔اس موقع پر چیئرپرسن بی آئی ایس پی سینیٹر روبینہ خالد نے کہا، "بینظیر نشوونما پروگرام اس بات کا عملی ثبوت ہے کہ جب سماجی تحفظ کو معیاری غذائیت، صحت کی سہولیات اور مضبوط شراکت داری کے ساتھ منسلک کیا جائے تو ماؤں اور بچوں کی زندگیوں میں مثبت اور دیرپا تبدیلی لائی جا سکتی ہے ۔ بینظیر نشوونما پروگرام شہید محترمہ بینظیر بھٹو کے اس وژن کا تسلسل ہے، جس کے تحت وہ ایک ایسے پاکستان کی خواہاں تھیں جہاں غربت کسی بھی ماں یا بچے کو بہتر زندگی کے حق سے محروم نہ کر سکے۔ مجھے اس عظیم وژن کو عملی جامہ پہنانے میں اپنا کردار ادا کرنے پر فخر ہے۔ آج بینظیر نشوونما پروگرام کے تیسرے مرحلے (BNP 3.0) کے معاہدے پر دستخط محض ایک پروگرام کی توسیع نہیں بلکہ اس قومی عزم کی تجدید ہے کہ پاکستان کے ہر بچے کو صحت مند زندگی کا بہترین آغاز اور ہر ماں کو اپنے خاندان کے بہتر مستقبل کی تعمیر کے مساوی مواقع فراہم کیے جائیں۔ہم اپنے ترقیاتی شراکت داروں کے تعاون سے اس پروگرام کی رسائی اور اثرات کو مزید وسعت دیتے رہیں گے تاکہ کوئی بھی مستحق خاتون یا بچہ اس سہولت سے محروم نہ رہے۔"اس شراکت داری کا مقصد ایک ایسے سائنسی بنیادوں پر قائم پروگرام کو مزید مضبوط بنانا ہے جس نے غذائیت کے شعبے میں عالمی سطح پر غیر معمولی نتائج حاصل کیے ہیں۔اس پروگرام میں شامل بچوں میں چھ ماہ کی عمر تک Stunting کا خطرہ 22 فیصد کم پایا گیا۔پاکستان میں پانچ سال سے کم عمر ہر دس میں سے چار بچے دائمی غذائی قلت کا شکار ہیں، جن کی تعداد تقریباً ایک کروڑ ہے، جبکہ شدید غذائی قلت (Wasting) کی شرح 17.7 فیصد ہے، جو تقریباً 50 لاکھ بچوں کو متاثر کرتی ہے۔اس مسئلے کے باعث پاکستان کو ہر سال تقریباً 17 ارب امریکی ڈالر کے معاشی نقصان کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔بینظیر نشوونما پروگرام غذائیت سے متعلق خدمات کو پاکستان کے قومی سماجی تحفظ کے نظام کا حصہ بنا کر ان چیلنجز سے نمٹ رہا ہے۔ اس پروگرام سے حاصل ہونے والے شواہد سے ظاہر ہوتا ہے کہ ماؤں کی غذائی حالت میں بہتری، بچوں کی بقا کی شرح میں اضافہ، حمل کے دوران طبی معائنوں (Antenatal Care) میں اضافہ، حمل کے دوران صحت مند وزن اور بچوں کی پیدائش کے بہتر نتائج حاصل ہوئے ہیں۔پاکستان میں ڈبلیو ایف پی کی نمائندہ اور کنٹری ڈائریکٹر انیتا ہرش نے کہا کہ بینظیر نشوونما پروگرام نے بچوں میں غذائی قلت کی روک تھام کے حوالے سے انتہائی حوصلہ افزا نتائج دیے ہیں۔انہوں نے کہا کہ تین سالہ توسیع کے ذریعے ڈبلیو ایف پی حکومتِ پاکستان اور بی آئی ایس پی کے ساتھ مل کر مزید ماؤں اور بچوں تک غذائیت سے متعلق ضروری خدمات پہنچانے اور اب تک حاصل ہونے والے مثبت نتائج کو مزید مستحکم کرنے کے لیے اپنا تعاون جاری رکھے گا۔پاکستان میں یوسیف کی نائب نمائندہ شرمیلہ رسول نے حکومتِ پاکستان کی قیادت اور بینظیر نشوونما پروگرام کے ذریعے غذائیت پر مبنی سماجی تحفظ کو فروغ دینے کے عزم کو سراہتے ہوئے کہا کہ یوسیف، ڈبلیو ایف پی اور ڈبلیو ایچ او کے ساتھ مل کر کمزور ماؤں، نومولود لڑکیوں اور بچوں کی غذائی حالت بہتر بنانے کے لیے حکومت کی معاونت جاری رکھے گا۔انہوں نے کہا کہ یہ شراکت داری غذائیت سے متعلق مؤثر خدمات تک مساوی رسائی بڑھانے، نظام کو مزید مضبوط بنانے اور کمیونٹیز میں ضروری نگہداشت سے متعلق آگاہی پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کرے گی۔ان کے مطابق غذائیت میں سرمایہ کاری درحقیقت پاکستان کے مستقبل میں سرمایہ کاری ہے، تاکہ ہر بچے کو زندہ رہنے، بہتر نشوونما پانے اور اپنی مکمل صلاحیتوں تک پہنچنے کا موقع مل سکے ۔پاکستان میں عالمی ادارہ صحت کے نمائندہ ڈاکٹر لوودا پینگ نے کہا کہ بینظیر نشوونما پروگرام کے مثبت نتائج اس بات کا واضح ثبوت ہیں کہ حکومت کے مختلف شعبوں کے درمیان مؤثر تعاون اور سائنسی بنیادوں پر قائم مربوط حکمت عملی صحت، غذائیت، سماجی تحفظ، پانی و صفائی، خوراک کے نظام اور تعلیم کے شعبوں میں مؤثر نتائج دے سکتی ہے۔انہوں نے کہا کہ عالمی ادارہ صحت پاکستان اور اپنے شراکت داروں کے ساتھ مل کر ہر بچے اور ہر ماں کے تحفظ کے لیے اپنا تعاون جاری رکھے گا۔اس شراکت داری کے تحت حکومتِ پاکستان، بی آئی ایس پی، یونیسیف، ڈبلیو ایف پی اور عالمی ادارہ صحت ملک بھر میں غذائیت اور صحت کی خدمات کو مزید مضبوط بنانے، کمزور خواتین اور بچوں کو غذائی قلت سے تحفظ فراہم کرنے اور پاکستان کے لیے ایک صحت مند اور مضبوط مستقبل کی تعمیر کے لیے مشترکہ طور پر کام جاری رکھیں گے۔

بقیہ 8

امانت ہیں جنہیں پوری دیانت، پیشہ ورانہ مہارت، خلوص اور احساسِ ذمہ داری کے ساتھ نبھایا جائے گا۔تمام نو تعینات چیئرپرسنز نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ اعلیٰ قیادت کے اعتماد پر پورا اترنے کے لیے اپنی بہترین صلاحیتیں بروئے کار لاتے ہوئے امتحانی نظام میں مزید بہتری، شفافیت اور جدت کے فروغ کے لیے مشترکہ کاوشیں جاری رکھیں گے ۔بیان میں مزید کہا گیا کہ پنجاب کے تمام تعلیمی بورڈز میں میرٹ، شفافیت، ادارہ جاتی نظم و ضبط، جدید اصلاحات اور بہترین طرزِ حکمرانی کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔اس مقصد کے لیے تمام چیئرپرسنز اجتماعی دانش، باہمی تعاون اور مربوط حکمتِ عملی کے تحت ایسے اقدامات کو یقینی بنائیں گے جو امتحانی نظام کو مزید مؤثر، شفاف اور قابلِ اعتماد بنانے میں معاون ثابت ہوں۔تمام چیئرپرسنز نے اس عزم کا بھی اعادہ کیا کہ حکومت پنجاب کے وژن، پالیسیوں اور ہدایات پر من و عن عمل درآمد کرتے ہوئے طلبہ دوست، مضبوط اور جدید تقاضوں سے ہم آہنگ امتحانی نظام کے قیام کے لیے بھرپور کردار ادا کیا جائے گا، تاکہ عوام کے اعتماد کو مزید مستحکم کیا جا سکے اور معیارِ تعلیم کو نئی بلندیوں سے ہمکنار کیا جا سکے۔

بقیہ 9

عوامی قوت پارٹی خاقان وحید خواجہ نے تمام جملہ احباب کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ آپ نے میری صحت یابی کے لیے جو دعائیں کیں۔فکرمند ہوئے اور آج یہاں پر مبارکباد دینے آئے میں آپ کا تہہ دل سے شکر گزار ہوں ان شاءاللہ ہم اپنی پارٹی کا منشور گھر گھر پہنچانے کے لیے دوبارہ تھے جذبے ہمت اور جوش سے کام کریں گے ۔آپ میری ٹیم ہیں مجھے آپ پر فخر ہے اور ہم مل کر چلیں گے ۔انھیں صحتیابی پر گلدستے اور مبارکباد دینے والوں میں یوسی 60 ترلائی کلاں کے چیئرمین راجہ کامران اصغر۔راجہ وحید احمد۔قاضی ظفر۔طاہر خان۔منصور افتخار۔عمر حیات۔عبدالجبار۔رضوان عباسی ۔ڈاکٹر شکیل احمد۔سہراب بیگ۔سلمان منہاس پارٹی کے سیکرٹری جنرل ملک اعجاز حسین ۔راجہ ادیب۔سردار ریاض۔عادل راجہ۔ڈاکٹر محمد نعیم۔ڈاکٹر احتشام۔ڈاکٹر سائرہ۔شعبہ خواتین کی سیدہ فردوس۔پروین صدیق خواجہ۔ملک نشاط اور سیکرٹری فرزانہ ریاض اور دیگر عہدے دار شامل تھے

بقیہ 10

آباد، ویسٹریج اور پشاور روڈ سمیت مختلف علاقوں میں کارروائی کرتے ہوئے سرکاری اراضی اور سڑکوں پر قائم غیر قانونی تجاوزات کا خاتمہ کیا۔ آپریشن کے دوران دکانوں کے باہر رکھا گیا سامان، غیر قانونی شیڈز، ریڑھیاں، اسٹالز اور دیگر تجاوزاتی اشیاء قبضے میں لے کر متعدد ٹرکوں کے ذریعے کینٹ بورڈ کے اسٹور منتقل کر دی گئیں، جبکہ تجاوزات قائم کرنے والوں کو آئندہ سرکاری اراضی پر دوبارہ قبضہ نہ کرنے کی ہدایت بھی کی گئی۔ذرائع کے مطابق کینٹ بورڈ کی جانب سے عوامی سہولت، ٹریفک کی روانی اور سرکاری اراضی کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے تجاوزات کے خلاف بلاامتیاز کارروائیوں کا سلسلہ آئندہ بھی جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 11

تفصیلات کے مطابق چند روز قبل رسالدار کے مقام پر شاہی واہ کے اوپر قائم خستہ حال پل سے ایک ڈالسن گاڑی، جس میں 5 سے 7 افراد سوار تھے، پل کی خراب حالت کے باعث نہر میں جا گری۔ حادثے کے فوراً بعد پانچ افراد اپنی مدد آپ کے تحت نہر سے باہر نکلنے میں کامیاب ہو گئے، تاہم دو بچے تیز بہاؤ کی نذر ہو گئے تھے ذرائع کے مطابق ایک بچے کی لاش بعد ازاں گجو شاخ کے قریب دیہاتیوں کو ملی، جسے ورثا نے اپنی تحویل میں لے کر نماز جنازہ کے بعد سپرد خاک کر دیا، جبکہ دوسرے لاپتہ نوجوان، 16 سالہ مجیب اللہ گولو، کی لاش مسلسل پانچ روز گزرنے کے باوجود تا حال برآمد نہیں ہو سکی مظاہرین ٹریکٹروں، موٹر سائیکلوں اور دیگر گاڑیوں پر رسالدار سے ریلی کی صورت میں کندھ کوٹ پہنچے اور ڈپٹی کمشنر آفس کے سامنے احتجاج کیا۔اس موقع پر مردوں، خواتین اور نوجوانوں کی بڑی تعداد موجود تھی۔ مظاہرین نے نعرے بازی کرتے ہوئے کہا کہ حادثے کے پہلے دن سے وہ ضلعی انتظامیہ اور محکمہ آبپاشی سے اپیل کرتے آ رہے ہیں کہ شاہی واہ کا پانی عارضی طور پر بند کیا جائے تاکہ غوطہ خوروں کو لاش کی تلاش میں آسانی ہو، مگر متعلقہ حکام کی جانب سے مؤثر اقدامات نہیں کیے گئے احتجاج میں شریک ورثا کا کہنا تھا کہ ریسکیو اہلکار اور غوطہ خور اپنی بھرپور کوششیں کر رہے ہیں، لیکن نہر میں پانی کے شدید بہاؤ کی وجہ سے لاش کی تلاش انتہائی دشوار ہو گئی ہے۔انہوں نے کہا کہ اگر بروقت پانی بند کر دیا جاتا تو شاید نوجوان کی لاش پہلے ہی برآمد ہو جاتی احتجاج کے بعد ڈپٹی کمشنر کشمور ایٹ کندھ کوٹ نے مظاہرین سے ملاقات کی اور انہیں یقین دہانی کرائی کہ ضلعی انتظامیہ اس معاملے کو انتہائی سنجیدگی سے دیکھ رہی ہے۔انہوں نے بتایا کہ فوجی اہلکاروں اور غوطہ خوریوں کو بھی سرچ آپریشن میں شامل کیا گیا ہے، جبکہ وہ خود اپنی ٹیم کے ہمراہ رسالدار کا دورہ کریں گے اور سرچ آپریشن کی نگرانی کریں گے تاکہ نوجوان کی لاش جلد از جلد برآمد کر کے ورثا کے حوالے کی جا سکے۔

بقیہ 12

سامنے نہیں آ سکیں۔ واقعے کے بعد علاقے میں تشویش کی لہر دوڑ گئی، جبکہ شہریوں نے ہائی ٹینشن بجلی کی تاروں کے حفاظتی انتظامات پر سوالات اٹھاتے ہوئے متعلقہ حکام سے فوری نوٹس لینے اور ایسے واقعات کی روک تھام کے لیے مؤثر اقدامات کا مطالبہ کیا ہے ۔دریں اثنا انتظامیہ اور مقامی سماجی حلقوں نے عوام سے اپیل کی ہے کہ اگر کوئی شخص زخمی بچے کو پہچانتا ہو تو فوری طور پر تحصیل اسپتال کندھ کوٹ پہنچ کر اس کے ورثاء کو اطلاع دے، تاکہ بچے کی بروقت دیکھ بھال اور علاج کو یقینی بنایا جا سکے۔

بقیہ 13

کھلاڑی اندر 23 ہوں گے جو بھی متعلقہ ڈویژن کے ہوں گے ۔دو کھلاڑی انڈر 19 متعلقہ ڈویژن سے ہی رکھے جائیں گے انڈر 23 کھلاڑی یکم اگست 2003 کے ہوں گے اس کے بعد پیدا ہونے والوں کو انٹرٹین کیا جائے گا جبکہ انڈر 19 کھلاڑیوں کو یکم اگست 2007 کو یا اس کے بعد پیدا ہوں گے ان کو انٹرٹین کیا جائے گا تمام ڈسٹرک سپورٹس افسران ضلع راولپنڈی مس توحید عباسی، ضلع اٹک نوید بیگ، ضلع جہلم محمد طارق، اس سے گزارش ہے کہ وہ اپنے کھلاڑیوں کو جوان کے اضلاع کے بہترین کرکٹرز لیدر بال کے کھلاڑی ہیں وہ مورخہ 12 جولائی 2026 بروز اتوار کو 8 بجے راول پارک کرکٹ گراؤنڈ راولپنڈی میں بھیجیں ۔تمام کھلاڑی اپنا اصل شناختی کارڈ اور ایف ارسی ساتھ لے کر آئیں ۔ڈویژنل سپورٹس افیسر راولپنڈی چوہدری وحید احمد نے میڈیا کو بتایا کہ سپورٹس ڈیپارٹمنٹ کھیلوں کے فروغ کے لیے کوشاں ہیں۔ سلیکشن کمیٹی کے لیے لاہور سے پاکستان کرکٹ بورڈ اور سپورٹس ڈیپارٹمنٹ ڈائریکٹریٹ انس سپورٹس پنجاب کے نمائندگان بھی تشریف لائیں گے اسی طرح دیگر کھیلوں کے ڈائٹرز اور مقابلہ جات کے ذریعے ڈویژنل ٹیموں کا چناؤ میرٹ کی بنیاد پر ہوگا جو کہ بعد میں انے والے انڈر ڈویژنل مقابلہ جات میں انٹرڈویژنل پنجاب لیول پر شرکت کریں گے۔

بقیہ 14

اثرات مرتب ہونگے ۔انہوں نے مزید کہا کہ اس منصوبہ کے ذریعہ ضلع جہلم اور خوشاب کے وسیع رقبے کو سیراب کیا جائے گا اور 30 ہزار ایکڑ رقبہ کو لیزر لینڈ لیولر کے ذریعے ہموار کیا جا رہا ہے۔مزید براں 485 پختہ کھالہ جات تعمیر کیے جائیں گے۔ اس کے علاوہ 2 ہزار ایکڑ رقبہ پر ڈرپ اینڈ سپرنکلر ایریگیشن سسٹم کی تنصیب کی جا رہی ہے۔اس منصوبہ کے تحت 485 انجمن اصلاح آبپاشی بنائی گئی ہیں تاکہ کاشتکاروں کے درمیان پانی کی منصفانہ تقسیم کی جا سکے۔اس منصوبہ کے ذریعے 30 ہزار کاشتکاروں کو عملی تربیت دی جائے گی۔اس منصوبہ کی تکمیل سے گندم، مکئی چاول، سبزیات اور چارہ جات کی پیداوار میں 20 تا 30 فیصد تک اضافہ ہوگا۔اس منصوبہ کے تحت 212 کاشتکاروں کو زرعی آلات و مشینری فراہم کی گئی ہے ۔اس موقع پر ایشین ڈویلپمنٹ بینک کے ڈائریکٹر ڈاکٹر بلال افتخار نے کہا کہ ایشین ڈویلپمنٹ بینک پاکستان میں زراعت کی ترقی کیلئے خصوصی تعاون کر رہا ہے۔اس منصوبے کا مقصد کھیت کی سطح تک نظام آبپاشی کو قائم کرنا، غیر آباد رقبے کو کاشت کے قابل بنانا اور آبپاش زراعت کو فروغ دینا ہے ۔اس منصوبہ میں کاشتکاروں کی جدید زراعت کے حوالے سے عملی تربیت کی جا رہی ہے ۔ان سرگرمیوں سے جہلم اور خوشاب میں تقریباً 30 فیصد پانی کی بچت اور منافع بخش زراعت کو فروغ ملے گا اور ہزاروں ایکڑ زمین کی بحالی ممکن ہوگی ۔اس موقع پر ڈائریکٹر اصلاح آبپاشی راولپنڈی ڈویژن محترمہ فرحانہ جمیل، ڈپٹی ڈائریکٹر اصلاح آبپاشی جہلم ایاز بٹ، اسسٹنٹ ڈائریکٹر اصلاح آبپاشی پنڈ دادنخان عدنان اصغر، اسسٹنٹ ڈائریکٹر اصلاح آبپاشی محمد زاہد خان اور ڈپٹی ڈائریکٹر زرعی اطلاعات پنجاب ہارون احمد خان بھی موجود تھے۔

بقیہ 15

روپے اور اسلحہ برآمد کیا، زیر حراست شخص قبل ازیں ڈکیتی، اقدام قتل اور اسلحہ ناجائز کے مقدمات میں ملوث اور ریکارڈ یافتہ ہے، زیر حراست افراد کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا۔

بقیہ 16

سہولیات کے بارے میں فیڈ بیک حاصل کیا۔ شہریوں نے خدمات پر اطمینان کا اظہار کیا اور اس حوالے سے کوئی شکایت موصول نہیں ہوئی۔

بقیہ 17

سمیت دیگر افسران فیلڈ میں رہ کر تمام انتظامات کی نگرانی کرتے رہے، پریکٹس سیشن کے لیے ضلعی پولیس کے ساتھ ٹریفک پولیس کے افسران و اہلکار نے بھی فرائض سرانجام دیئے، تھانوں کی موبائلز، ایلیٹ اور ڈولفن سکواڈ سٹیڈیم کے اطراف گشت کرتے رہے۔

بقیہ 18

پیرودھائی میں درج کیا گیا تھا، ٹھوس شواہد اور مقدمہ کی موثر پیروی کے پیش نظر معزز عدالت نے مجرم کو قرار واقعی سزا سنائی، سنگین مقدمات میں مجرمان کو قرار واقعی سزا ملنا انصاف کی فتح ہے۔

بقیہ 19

مذکورہ شخص کوئی ثبوت پیش نا کر سکا، ریس کورس پولیس نے مقدمہ درج کر کے گرفتار کر لیا، ایس پی ٹھوہار سردار بابر ممتاز خان نے کہا کہ زیر حراست شخص کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا۔

بقیہ 20

بنانے کیلئے جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کیلئے موثر کریک ڈاؤن جاری ہے۔اس سلسلے میں اسلام آباد پولیس تھانہ سیکرٹریٹ، تھانہ شالیمار، تھانہ گولڑہ، تھانہ سنگجانی، تھانہ انڈسٹریل ایریا، تھانہ نون، تھانہ کھنہ، تھانہ ہمک، تھانہ بھارہ کہو اور تھانہ شہزاد ٹاؤن پولیس ٹیموں نے منشیات فروشی اور غیر قانونی اسلحہ رکھنے میں ملوث 21 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 1300 گرام چرس، 2230 گرام آئس، دو خنجر، ایک گن اور مختلف بور کے 11 پستول معہ ایمونیشن برآمد کئے گئے۔گرفتار ملزمان کے خلاف مق

بڑھتی ہوئی آبادی اور کم ہوتے وسائل ایک لمحہ فکریہ پر اجلاس

تیزی سے بڑھتی ہوئی آبادی سے پانی، خوراک، توانائی، تعلیم، صحت اور روزگار جیسے بنیادی شعبے دباؤ کا شکار ہیں

اصل مسئلہ صرف آبادی کا بڑھنا نہیں بلکہ آبادی اور وسائل کے درمیان عدم توازن ہے، سپیکر امتیاز حیدر

راولپنڈی (این ای این) صدر ہمدرد فاؤنڈیشن پاکستان محترمہ سعدیہ راشد کے تجویز کردہ موضوع بڑھتی ہوئی آبادی اور کم ہوتے وسائل: ایک لمحہ فکریہ'' پر اجلاس ہمدرد مرکز راولپنڈی میں اسپیکر ہمدرد شوریٰ امتیاز حیدر کی زیر صدارت منعقد ہوا اس موقع پر صدر ہمدرد فاونڈیشن پاکستان نے اپنے پیغام میں کہا کہ پاکستان تیزی سے بڑھتی ہوئی آبادی اور محدود ہوتے وسائل سے دوچار ہے جو لمحہ فکریہ ہے پانی، خوراک، توانائی، تعلیم، صحت اور روزگار جیسے بنیادی شعبے پہلے ہی دباؤ کا شکار ہیں جبکہ آبادی میں مسلسل اضافہ اس صورت حال کو مزید (بقیہ نمبر 6)

راولپنڈی: ہمدرد شوریٰ اجلاس کے اختتام پر اراکین ہمدرد شوری کا اسپیکر امتیاز حیدر کے ہمراہ گروپ فوٹو

جلال پور آبپاشی کنال منصوبہ سے دیہی معیشت کو بہتر بنایا جارہا ہے

ڈائریکٹر جنرل زراعت (اصلاح آبپاشی) پنجاب رانا تجمل حسین کا اظہار خیال

راولپنڈی این ای این) ڈائریکٹر جنرل زراعت (اصلاح آبپاشی) پنجاب رانا تجمل حسین نے ایشین ڈویلپمنٹ بینک کے وفد کے دورہ کے موقع پر خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ منصوبہ ضلع جہلم اور خوشاب کی دیہی معیشت کو بہتر بنانے میں اہم ادا کرے گا۔ اس منصوبہ کے تحت پختہ کھالہ جات کی تعمیر سے نہ صرف کاشتکاروں کے بارانی اور غیر آباد رقبہ جات کو قابل کاشت بنایا جارہا ہے بلکہ اس سے دیہی معیشت پر بھی مثبت (بقیہ نمبر 14)

ڈکیتی و چوری کی وارداتوں میں ملوث دو گینگز کے تین ارکان گرفتار

مسروقہ رقم 67 ہزار روپے اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد کرلیا گیا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے ڈکیتی و چوری کی وارداتوں میں ملوث دو گینگز کے تین ارکان گرفتار کر کے مسروقہ رقم 67 ہزار روپے اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ بنی پولیس نے ڈکیتی اور چوری کی وارداتوں میں ملوث دو رکنی گینگ کو گرفتار کر کے مسروقہ رقم 37 ہزار روپے برآمد کی، کلرسیداں پولیس نے ڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث گینگ کے سرغنہ کو گرفتار کر کے مسروقہ رقم 30 ہزار (بقیہ نمبر 15)

سی ایم پنجاب چیمپین شپ راولپنڈی ڈویژن کرکٹ کے ٹرائلز 12 جولائی کو ہوں گے

راولپنڈی) این ای این) سی ایم پنجاب چیمپین شپ لیگ 2026 ٹرائلز کے سلسلے میں ڈویژنل لیول پر راولپنڈی ڈویژن کرکٹ کے ٹیم کے لیے ٹرائی مورخہ 12 جولائی 2026 بروز اتوار کو 8 بجے راول پارک کرکٹ گراؤنڈ راولپنڈی میں ہوں گے۔ اس سلسلے میں تمام ڈسٹرکٹ سپورٹس افسران راولپنڈی ڈویژن کو مراسلہ ارسال کیا جا چکا ہے اس میں چار کھلاڑی پورے پاکستان سے ہر ڈویژن اوپن کیٹگری میں جس میں نو ایج لیمٹ وہ کھلاڑی ٹرائلز میں حصہ لے سکتے ہیں تین کھلاڑی نو ایج لیمٹ اپنے ڈویژن میں رکھ سکتے ہیں ان میں سے سات (بقیہ نمبر 13)

ڈپٹی کمشنر سارہ حیات کا کلر کہار میں قائم اراضی ریکارڈ سنٹر کا دورہ

چکوال (این این آئی) ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے کلر کہار میں قائم اراضی ریکارڈ سنٹر (ARC) کا دورہ کیا جہاں جاری ترقیاتی کاموں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ معائنے کے دوران تعمیراتی کام کی رفتار غیر تسلی بخش پائی گئی، جس پر متعلقہ حکام کو کام میں تیزی لانے کی ہدایت دی۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے اراضی ریکارڈ سنٹر میں فرد اور دیگر ریونیو خدمات کے حصول کے لیے آنے والے شہریوں سے بھی ملاقات کی اور ان سے فراہم کی جانے والی (بقیہ نمبر 16)

ریجنل پولیس آفیسر راولپنڈی ریجن بابر سرفراز الپا تھانہ صادق آباد میں کھلی کچہری کے دوران شہریوں کی درخواستوں پر احکامات جاری کررہے ہیں

آر پی او راولپنڈی ریجن بابر سرفراز الپا کی کھلی کچہری

شہریوں نے کو براہ راست اپنی شکایات اور درخواستیں پیش کیں

راولپنڈی (این این آئی) آر پی او راولپنڈی ریجن بابر سرفراز الپا نے کھلی کچہری انعقاد کیا جس میں شہریوں نے کو براہ راست اپنی شکایات اور درخواستیں پیش کیں۔ تفصیلات کے مطابق ریجنل پولیس آفیسر راولپنڈی ریجن بابر سرفراز الپا نے تھانہ صادق آباد میں (بقیہ نمبر 24)

ڈی پی او چکوال کا زیر تعمیر تھانہ ڈوہمن اور خدمت مرکز کا دورہ

سکیورٹی انتظامات، ریکارڈ، ڈسپلن اور مجموعی کارکردگی کا جائزہ لیا

چکوال (این این آئی) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال کاشف ذوالفقار نے جمعرات کے روز ضلع میں پولیسنگ کے معیار کو مزید مؤثر بنانے اور عوام کو بہترین سہولیات کی فراہمی کے سلسلے میں پولیس چوکی ملہال مغلاں، زیر تعمیر تھانہ ڈوہمن اور خدمت مرکز چکوال کا تفصیلی دورہ کیا۔ ڈی پی او چکوال نے پولیس چوکی ملہال مغلاں میں سکیورٹی انتظامات، (بقیہ نمبر 25)

کنٹرولر سول ڈیفنس و ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر کو راولپنڈی میں تعیناتی پر اسسٹنٹ ڈائریکٹر سول ڈیفنس سنجیدہ خانم اور سول ڈیفنس آفیسر غلام مصطفیٰ گلدستہ پیش کررہے ہیں

ڈی جی سیف سٹی محمد ہارون جوئیہ کی زیر صدارت اہم اجلاس

اجلاس کے دوران سیف سٹی اسلام آباد کے مختلف تکنیکی پہلوؤں کا تفصیلی جائزہ لیا

ٹریفک کی روانی کو یقینی بنانے اور ٹریفک قوانین پر عملدرآمد کے حوالے سے لائحہ عمل طے

اسلام آباد (این این آئی) ڈی جی سیف سٹی/ ڈی آئی جی ٹریفک محمد ہارون جوئیہ کی زیر صدارت اہم اجلاس کا انعقاد کیا گیا جس میں سیف سٹی اسلام آباد کے مختلف تکنیکی پہلوؤں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا جبکہ اس موقع پر شہر بھر میں ٹریفک کی روانی کو یقینی بنانے اور ٹریفک قوانین پر عملدرآمد کے حوالے سے لائحہ عمل طے کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈائریکٹر جنرل سیف سٹی/ ڈی آئی جی ٹریفک محمد ہارون جوئیہ کی زیر صدارت سیف سٹی اسلام آباد میں اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایس پی آپریشنز سیف سٹی کیپٹن (ر) حمزہ ہمایوں، چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد کائنات اظہر، ڈائریکٹر آئی ٹی عاطف عباس، اسسٹنٹ ڈائریکٹر سیف سٹی عباس مہدی اور ڈپٹی ڈائریکٹر NOC ٹیم نے شرکت کی۔ اجلاس میں سیف سٹی اسلام آباد کے (بقیہ نمبر 26)

ڈپٹی کمشنر اسلام آباد کا سٹیزن فیسلی ٹیشن سنٹر کا دورہ

شہریوں کو تیز رفتار اور معیاری خدمات کی فراہمی جاری ہے، عرفان میمن

اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی کمشنر اسلام آباد عرفان میمن نے ضلعی انتظامیہ کے سیٹیزن فیسلیٹیشن سینٹر کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے شہریوں سے براہ راست ملاقات کر کے فراہم کی جانے والی سہولیات اور سروسز کے معیار سے متعلق فیڈ بیک حاصل کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے ایک ایک شہری سے گفتگو کرتے ہوئے ان کے مسائل، تجاویز اور خدمات کے معیار کے حوالے سے دریافت کیا۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ کا اولین مقصد (بقیہ نمبر 27)

محکمہ جنگلات اور محکمہ صحت کی جانب سے کشمیر پوائنٹ مری میں انسداد ڈینگی آگاہی واک کا انعقاد کیا جارہا ہے

ایس ایس پی انوسٹی گیشن ناصر علی خان کی کھلی کچہری

شہریوں کی شکایات سن کر حل کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے

راولپنڈی (این این آئی) ایس ایس پی انوسٹیگیشن ناصر علی خان نے کھلی کچہری کے دوران شہریوں کی شکایات سن کر حل کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی انوسٹیگیشن ناصر علی خان کا پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز (بقیہ نمبر 28)

اسلام آباد: اسسٹنٹ ڈائریکٹر سیف سٹی عباس محمود پولیس آپریشنز ہال سے مصنوعی ذہانت سے چلنے والے ٹریکر سسٹم کے ذریعے شہر بھر میں گشت کرنے والی گاڑیوں کی نقل و حرکت کی نگرانی کررہے ہیں

اسلام آباد پولیس کا گرینڈ کومنگ اینڈ سرچ آپریشن

10 مشکوک افراد م 21 موٹر سائیکل تھانہ جات منتقل کردیئے گئے، ترجمان

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے مختلف علاقوں میں گرینڈ کومنگ اینڈ سرچ آپریشن کے دوران جانچ پڑتال کیلئے 10 مشکوک افراد اور 21 موٹر سائیکلوں کو مختلف تھانہ جات منتقل کیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارلحکومت میں جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کیلئے مختلف علاقوں میں گرینڈ کومنگ اینڈ سرچ آپریشنز کا سلسلہ جاری ہے۔ اس سلسلے میں ایس ایس پی سکیورٹی آپریشنز اسلام آباد سلیمان ظفر (بقیہ نمبر 29)

بذریعہ ڈولی دانہ جواء کھیلنے والے 5 ملزمان گرفتار

داؤ پر لگی رقم 49 ہزار روپے، 5 موبائل فون، ڈولی دانے اور دیگر سامان برآمد

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ کلرسیداں پولیس نے بذریعہ ڈولی دانہ جواء کھیلنے والے 5 ملزمان گرفتار کر کے داؤ پر لگی رقم 49 ہزار روپے، 5 موبائل فون، ڈولی دانے اور دیگر سامان برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ کلرسیداں پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے بذریعہ ڈولی دانہ جواء کھیلنے والے 5 ملزمان کو گرفتار کرلیا، ملزمان سے داؤ پر لگی رقم 49 ہزار روپے، 5 موبائل فون، ڈولی دانے اور دیگر سامان برآمد ہوا، کلرسیداں پولیس (بقیہ نمبر 30)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035

بینظیر انکم سپورٹ پروگرام، ڈبلیو ایف پی، ڈبلیو ایچ او اور یونیسیف کے مابین شراکت داری میں تین سال کی توسیع

مزید 33 لاکھ خواتین اور بچوں کو غذائی قلت سے تحفظ فراہم کیا جائیگا

پاکستان کے ہر بچے کو صحت مند زندگی کا بہترین آغاز اور ہر ماں کو اپنے خاندان کے بہتر مستقبل کی تعمیر کے مساوی مواقع فراہم کیے جائیں گے

اسلام آباد (این ای این) بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (بی آئی ایس پی) نے اقوام متحدہ کے عالمی ادارہ خوراک (WFP)، اقوام متحدہ کے ادارہ برائے اطفال (UNICEF) اور عالمی ادارہ صحت (WHO) کے اشتراک سے بینظیر نشوونما پروگرام میں مزید تین سال کی توسیع کا اعلان کیا ہے۔ اس توسیع کے تحت پاکستان بھر میں مزید 33 لاکھ حاملہ و دودھ پلانے والی خواتین اور دو سال سے کم عمر بچوں کو غذائی قلت سے تحفظ فراہم کیا جائے گا۔ بینظیر نشوونما پروگرام، جو بی آئی ایس پی کا ایک اہم پروگرام ہے، ملک بھر میں قائم 578 سہولت مراکز اور 224 نیوٹریشن اسٹیبلائزیشن سینٹرز کے ذریعے حاملہ و دودھ پلانے والی خواتین اور دو سال سے کم عمر بچوں کو (بقیہ نمبر 7)

بھوربن، چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (بی آئی ایس پی) سینیٹر روبینہ خالد کی اقوام متحدہ کے عالمی ادارہ خوراک (WFP)، یونیسیف (UNICEF) اور عالمی ادارہ صحت (WHO) کے نمائندوں کے ہمراہ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام، ڈبلیو ایف پی، یونیسیف اور ڈبلیو ایچ او کے درمیان بینظیر نشوونما پروگرام (03) میں مزید تین سال کی توسیع کے لیے مفاہمتی یادداشت (MoU) پر دستخط کی تقریب میں شرکت

راولپنڈی کرکٹ سٹیڈیم میں پریکٹس سیشن کا پہلا روز

راولپنڈی پولیس کی جانب سے موثر سیکورٹی و ٹریفک انتظامات کئے گئے

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کا راولپنڈی کرکٹ سٹیڈیم میں پریکٹس سیشن کا پہلا روز، راولپنڈی پولیس کی جانب سے موثر سیکورٹی و ٹریفک انتظامات کئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان کرکٹ ٹیم کا راولپنڈی کرکٹ سٹیڈیم میں پریکٹس سیشن کا پہلا روز، سی پی او حسن مشتاق سکھیرا کی ہدایات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے موثر سیکورٹی و ٹریفک انتظامات کیے، ایس ایس پی آپریشنز ملک طارق محبوب، ایس پی سیکیورٹی، ایس پی راول (بقیہ نمبر 17)

شہری کو قتل کرنے والے مجرم کو معزز عدالت نے موت کی سزا سنادی

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی موثر پولیسنگ کے باعث لین دین کے تنازعہ پر فائرنگ کر کے شہری کو قتل کرنے والے مجرم کو معزز عدالت نے موت کی سزا سنادی۔ تفصیلات کے مطابق لین دین کے تنازعہ پر فائرنگ کر کے شہری کو قتل کرنے والے مجرم کو معزز عدالت نے موت کی سزا سنادی، مجرم عبدالمعیز کو 10 لاکھ روپے ہرجانے کی بھی سزا سنائی گئی، واقعہ کا مقدمہ فروری 2024 تھانہ (بقیہ نمبر 18)

راولپنڈی، خود کو پرائس مجسٹریٹ ظاہر کرنے والا جعلساز گرفتار

مختلف ہوٹلوں پر جا کر اپنا تعارف پرائس مجسٹریٹ کے طور پر کرواتا اور رقم کا مطالبہ کرتا

راولپنڈی (این این آئی) ریس کورس پولیس نے خود کو پرائس مجسٹریٹ ظاہر کرنے والا جعلساز گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق ریس کورس پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے خود کو پرائس مجسٹریٹ ظاہر کرنے والے جعلساز کو گرفتار کرلیا، زیر حراست شخص مختلف ہوٹلوں پر جا کر اپنا تعارف پرائس مجسٹریٹ کے طور پر کرواتا اور رقم کا مطالبہ کرتا، ہوٹل سٹاف نے شک پڑنے پر مقامی پولیس کو اطلاع دی، ریس کورس پولیس نے موقعہ پر پہنچ کر دریافت کی تو (بقیہ نمبر 19)

9 سالہ بچی سے نازیبا حرکات کرنے والا شخص گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) وارث خان پولیس نے 9 سالہ بچی سے نازیبا حرکات کرنے والا شخص گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق وارث خان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 9 سالہ بچی سے نازیبا حرکات کرنے والے شخص کو گرفتار کرلیا، مدعی مقدمہ کے مطابق زیر حراست شخص نے اس کی بیٹی سے نازیبا حرکات کیں، وارث خان پولیس نے مقدمہ درج کر کے گرفتار کرلیا، ایس پی راول سعد ارشد نے کہا کہ خواتین بچوں سے ہراسمنٹ، زیادتی قطعی برداشت نہیں۔

اسلام آباد، 15 اشتہاریوں سمیت 36 جرائم پیشہ عناصر گرفتار

منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد، کریک ڈاؤن جاری رہے گا، آئی جی

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے سنگین جرائم میں ملوث 15 اشتہاریوں سمیت 36 جرائم پیشہ عناصر گرفتار کر کے منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارلحکومت میں شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی (بقیہ نمبر 20)

اعتماد قیادت ہمارے لئے قومی امانت ہے ڈاکٹر اقبال محمود

شفاف، جدید اور قابل اعتماد امتحانی نظام کے فروغ کے لیے اجتماعی طور پر بھرپور کردار ادا کریں گے، پنجاب بھر کے نو تعینات چیئرپرسنز

میرٹ، شفافیت اور ادارہ جاتی اصلاحات کے ذریعے تعلیمی معیار کو نئی بلندیوں تک لے جانا ہماری مشترکہ ترجیح ہے

اعلیٰ حکام کے اعتماد پر پورا اترنے کے لیے تمام چیئرپرسنز یکسو اور پُرعزم ہیں، چیئرمین بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن راولپنڈی

راولپنڈی (این ای این) چیئرمین بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن راولپنڈی، پروفیسر ڈاکٹر اقبال محمود نے پنجاب بھر میں حال ہی میں تعینات ہونے والے تمام چیئرپرسنز کی جانب سے ایک مشترکہ بیان میں وزیراعلیٰ پنجاب، سیکرٹری ہائر ایجوکیشن، ڈائریکٹر پبلک انسٹرکشنز (کالجز) پنجاب، چیئرمین ٹاسک فورس اور دیگر متعلقہ حکام کی جانب سے کیے گئے اعتماد پر دلی تشکر اور مسرت کا اظہار کیا ہے۔ مشترکہ بیان میں کہا گیا کہ یہ مناصب محض انتظامی ذمہ داریاں نہیں بلکہ قوم کے تعلیمی مستقبل سے جڑی ایک عظیم (بقیہ نمبر 8)

ایلون سٹار جونیئر کرکٹ کلب نے بیسٹ آف تھری فائنل سیریز جیت لی

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) ایلون سٹار جونیئر کرکٹ کلب نے شاندار کھیل پیش کرتے ہوئے مسعود انور کرکٹ اکیڈمی کو 15 رنز سے شکست دے کر بیسٹ آف تھری فائنل سیریز 1-2 سے اپنے نام کرلی۔ فائنل میچ میں ایلون سٹار جونیئر نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ اوورز میں عمدہ اسکور بنایا اور حریف ٹیم کو مشکل ہدف دیا۔ جواب میں مسعود انور کرکٹ اکیڈمی کی ٹیم بھرپور کوشش کے باوجود ہدف حاصل نہ کرسکی اور مقررہ اوورز میں 15 رنز سے پیچھے (بقیہ نمبر 21)

پاکستان-بلغاریہ پارلیمانی دوستی گروپ کی کنوینر اور رکن قومی اسمبلی زیب جعفر، پارلیمنٹ ہاؤس میں ہونے والی ایک ملاقات کے دوران بلغاریہ کے وفد کے رکن کے ساتھ یادگاری تحائف کا تبادلہ کررہی ہیں

راولپنڈی، 8 ملزمان گرفتار، شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 8 ملزمان گرفتار کر کے شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے 8 ملزمان کو گرفتار کر کے 40 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا، ملزمان کے خلاف (بقیہ نمبر 22)

موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث گروہ کے چار ارکان گرفتار

ملزمان کے قبضے سے لاکھوں روپے مالیت کے سات مسروقہ موٹر سائیکل بھی برآمد

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے موٹر سائیکل چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث منظم گروہ کے چار ارکان گرفتار کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارلحکومت میں موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزمان کی گرفتاری اور جرائم کے انسداد کیلئے بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن جاری ہے۔ اس سلسلہ میں اینٹی موٹر سائیکل لفٹنگ یونٹ پولیس ٹیم نے جدید تکنیکی اور انسانی ذرائع کو بروئے کار لاتے ہوئے موٹر سائیکل (بقیہ نمبر 23)

ایس ایس پی آپریشنز نے زخمی اے ایس آئی محمد حفیظ کی عیادت کی

راولپنڈی (این این آئی) ایس ایس پی آپریشنز ملک طارق محبوب نے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹرز ہسپتال میں زخمی اے ایس آئی محمد حفیظ کی عیادت کی۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی آپریشنز ملک طارق محبوب نے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹرز ہسپتال میں زخمی اے ایس آئی محمد حفیظ کی عیادت کی، اے ایس آئی محمد حفیظ گزشتہ روز ڈکیتی کے مقدمہ میں ملوث خطرناک (بقیہ نمبر 31)

پاکستان عوامی قوت پارٹی شعبہ خواتین کا وفد چیئرمین پارٹی خاقان وحید خواجہ کو صحتیابی پر گلدستہ پیش کررہے ہیں

پاکستان عوامی قوت پارٹی کے سربراہ اور راول جنرل اینڈ ڈینٹل ہاسپٹل و راول فاؤنڈیشن کے چیئرمین

خاقان وحید خواجہ علاج کے بعد وطن واپس پہنچ گئے

مختلف مکاتب فکر کے لوگوں نے صحت یابی پر انہیں مبارکباد دی اور گلدستے پیش کئے، خاقان وحید خواجہ نے شکریہ ادا کیا

خاقان وحید خواجہ کا پرتپاک استقبال، کارکنوں سے پارٹی منشور گھر گھر پہنچانے کے عزم کا اظہار

پاکستان عوامی قوت پارٹی کے یوسی 60 ترلاء کلاں کا وفد راجہ کامران اصغر۔ راجہ وحید۔ قاضی ظفر اور دیگر عہدے دار چیئرمین پارٹی خاقان وحید خواجہ کو ان کی صحت یابی پر گلدستہ پیش کررہے ہیں

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) پاکستان عوامی قوت پارٹی کے سربراہ اور راول جنرل اینڈ ڈینٹل ہاسپٹل و راول فاؤنڈیشن کے چیئرمین خاقان وحید خواجہ اپنا علاج مکمل ہونے کے بعد وطن واپس پہنچ گئے۔ ان کا شاندار استقبال کیا گیا اپنے دفتر پہنچنے پر پاکستان عوامی قوت پارٹی کے عہدے داروں کارکنوں و راول فاؤنڈیشن کے عہدے داروں اور مختلف مکاتب فکر کے لوگوں نے ان کی صحت یابی پر انہیں مبارکباد دی گلدستے پیش کیے اور ان کی درازی عمر کے لیے دعا کی۔ اس موقع پر چیئرمین (بقیہ نمبر 9)

پاکستان عوامی قوت پارٹی کے سربراہ خاقان وحید خواجہ سے مختلف وفود ان کی صحت یابی پر انہیں مبارکباد دیتے ہوئے

کینٹ کے مختلف علاقوں میں تجاوزات کے خلاف بڑا آپریشن

متعدد ٹرک سامان ضبط، سرکاری اراضی اور سڑکوں پر قائم غیر قانونی تجاوزات کا خاتمہ کر دیا گیا

سی ای او کینٹ کی ہدایت پر شعبہ انسداد تجاوزات کی کارروائی، تجاوزات کے خاتمے کا سلسلہ جاری

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) راولپنڈی کنٹونمنٹ بورڈ نے شہر کو تجاوزات سے پاک بنانے کے لیے گزشتہ روز کینٹ کے مختلف علاقوں میں بڑے پیمانے پر آپریشن کرتے ہوئے متعدد ٹرک سامان ضبط کر کے کینٹ بورڈ کے اسٹور منتقل کر دیا۔ سی ای او کینٹ کی خصوصی ہدایات پر شعبہ انسداد تجاوزات نے سپرنٹنڈنٹ کی نگرانی میں پنج بھائیہ، پیپلز کالونی، ڈھوک سیداں روڈ، گرجا روڈ، دھمیال روڈ، بائیس نمبر چونگی، برف خانہ، نیازی ٹاؤن، رنج روڈ، آلہ (بقیہ نمبر 10)

ڈی آئی جی اسلام جواد طارق کا شہر کے مختلف ڈیوٹی پوائنٹس کا دورہ

تمام افسران واہلکار فرائض پوری ذمہ داری اور فرض شناسی کے ساتھ انجام دیں

اسلام آباد (این این آئی) ڈی آئی جی اسلام محمد جواد طارق نے شہر کے مختلف ڈیوٹی پوائنٹس کا دورہ کر کے سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد محمد جواد طارق نے شہر بھر کے مختلف ڈیوٹی پوائنٹس کا دورہ کیا۔ انہوں (بقیہ نمبر 32)

سابقہ جنرل سیکرٹری پی ایف یو جے فوزیہ شاہد کے شوہر اور سینئر صحافی شاہد عثمانی کی وفات پر سابق صوبائی وزیر صحت و بہبود آبادی پنجاب ڈاکٹر جمال ناصر صدر پی ایف یو جے افضل بٹ، قیصر عباس شاہ ناصر میر اور خالد حسین قریشی دعائے مغفرت کررہے ہیں

بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران کی حوصلہ افزائی

راولپنڈی (این این آئی) ایس ایس پی انوسٹیگیشن ناصر علی خان نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران کی حوصلہ افزائی کی۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی انوسٹیگیشن ناصر علی خان نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران کی حوصلہ افزائی کی، ایس ایس پی انوسٹیگیشن نے ڈی ایس پی وارث خان رانا نعیم یاسین کو تعریفی لیٹر سے نوازا، ایس ایس پی انوسٹیگیشن نے ایس ایچ او وارث خان سب انسپکٹر تصدق رحمٰن اور ہیڈ کانسٹیبل ذیشان کو تعریفی سرٹیفکیٹس دیئے، ایس (بقیہ نمبر 33)

آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی زیر صدارت اہم اجلاس

ٹریفک مینجمنٹ، سکیورٹی انتظامات اور پولیسنگ کے نظام کو مزید بہتر بنانے بارے تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی زیر صدارت اہم اجلاس میں وفاقی دارالحکومت میں امن و امان کی صورتحال، جدید ٹیکنالوجی کے مؤثر استعمال، ٹریفک مینجمنٹ، سکیورٹی انتظامات اور پولیسنگ کے نظام کو مزید بہتر بنانے کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد (بقیہ نمبر 34)

نارووال: اقوام متحدہ اور جامع نارووال کا وفد ریسکیو 1122 کے آلات کا معائنہ کررہا ہے

راولپنڈی، 2 منشیات سپلائر گرفتار، 3 کلو سے زائد چرس برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 2 منشیات سپلائر گرفتار کر کے 3 کلو سے زائد چرس برآمد کرلی۔ تفصیلات کے مطابق ایئرپورٹ پولیس نے ایک فرد کو حراست میں لے کر 2 کلو 400 گرام چرس برآمد کی، وارث خان پولیس نے ایک فرد کو حراست میں لے کر 1 کلو 260 گرام چرس برآمد کر کے الگ الگ مقدمات درج کر لیے، منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے تمام اقدامات اٹھائے جارہے ہیں۔

شاہی واہ میں ڈوبنے والے نوجوان کی لاش پانچ روز بعد بھی نہ مل سکی

ورثا کا ڈی سی آفس کے سامنے احتجاج، نہر کا پانی فوری بند کیا جائے تاکہ نوجوان کی لاش مل سکے، مظاہرین کا مطالبہ

ڈی سی کی یقین دہانی، خود موقع کا دورہ کریں گے، سندھ حکومت کے اعلان کردہ معاوضے کی فراہمی کا بھی وعدہ

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ): رسالدار کے قریب شاہی واہ پر خستہ حال اور شکستہ پل سے ڈاٹسن گاڑی نہر میں گرنے کے المناک حادثے میں لاپتہ ہونے والے 16 سالہ نوجوان مجیب اللہ گولو کی لاش پانچ روز گزر جانے کے باوجود برآمد نہ ہوسکی، جس کے خلاف گولو برادری نے شدید احتجاج کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر کشمور ایت کندھ کوٹ کے دفتر کے مرکزی گیٹ کے سامنے مظاہرہ کیا اور مطالبہ کیا کہ شاہی واہ کا پانی فوری طور پر بند کیا جائے تاکہ لاش کی تلاش میں رکاوٹیں دور ہو سکیں (بقیہ نمبر 11)

کندھ کوٹ، ہائی ٹینشن تار لگنے سے معصوم بچہ شدید جھلس گیا

بجلی کا شدید کرنٹ لگنے سے بچے کے جسم کا بڑا حصہ بری طرح متاثر ہوا

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ): کندھ کوٹ میں ڈگری کالج کے قریب افسوسناک واقعہ پیش آیا، جہاں 11 ہزار وولٹ کی ہائی ٹینشن بجلی کی تار لگنے سے ایک معصوم بچہ شدید جھلس کر زخمی ہو گیا۔ عینی شاہدین کے مطابق بجلی کا شدید کرنٹ لگنے سے بچے کے جسم کا بڑا حصہ بری طر